سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 133 | صفحات : 08 | ۱۵ مئی ۲۰۲۶ بروز جمعۃ المبارک بمطابق ۲۷ ذوالقعدہ ۱۴۴۷ | Friday 15th May 2026 | جلد نمبر 58



فلنٹوف سڈنی تھنڈر کے ہیڈ کوچ

[illegible]

ہیری بروک سری کوارٹر فائنل میں

[illegible]

جموں وکشمیر میں ابھی آن لائن تعلیم پر نوبت نہیں آئی/سکینہ ایتو

فزیکل کلاسز معطل کرنے کی کوئی تجویز بھی زیر غور نہیں ہے

سرینگر/یو این ایس/جموں وکشمیر کی وزیر صحت وطبی تعلیم سکینہ ایتو نے واضح کیا ہے کہ جموں وکشمیر میں تعلیمی اداروں کو فوری طور آن لائن موڈ پر منتقل کرنے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے اور فی الحال اسکولوں، کالجوں اور دیگر تعلیمی اداروں میں تدریسی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہیں گی۔ جمعرات کو میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر تعلیم نے ان افواہوں کو مسترد کر دیا جن میں یہ دعویٰ کیا جا رہا تھا کہ وزیر اعظم کی جانب سے کفایت شعاری اور ایندھن بچانے کے اقدامات پر زور دینے کے بعد حکومت جموں وکشمیر میں آن لائن کلاسز متعارف کرانے پر غور کر رہی ہے۔ یو این ایس کے مطابق صحافیوں کے سوالات کا جواب/2

سیلاب ہوں، زلزلے ہوں، طوفانی ہوائیں ہوں یا ہیٹ ویوز

خطرناک موسمی حالات سے نمٹنے کیلئے خصوصی منصوبہ تیار/وزیر داخلہ



سرینگر/یو این ایس/مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ بھارت نے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے شعبے میں نمایاں پیش رفت کرتے ہوئے عالمی سطح پر ایک مضبوط اور موثر نظام قائم کیا ہے، جس کا بنیادی ہدف قدرتی آفات کے دوران جانی نقصان کو زیرو تک لانا ہے۔ یہ بات مرکزی وزیر داخلہ و کوآپریشن امیت شاہ نے جمعرات کو غازی آباد میں نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کی "پریڈیشن کلر ایوارڈ" تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ یو این ایس کے مطابق امت شاہ نے کہا کہ حکومت ہند کا ڈیزاسٹر مینجمنٹ ماڈل اب ردعمل پر مبنی نظام سے آگے بڑھ کر پیشگی تیاری، خطرات کی نشاندہی اور موثر حکمت عملی پر مبنی ہو چکا ہے۔ ان کے مطابق یہ تبدیلی/1

سب ڈسٹرکٹ اسپتال حضرت بل کی اپگریڈیشن کی منظوری

نیا بلڈ بینک، جدید آپریٹنگ تھیٹرز، ہائی کیئر یونٹس، امراضِ قلب، گائنی، پیڈیاٹرکس مراکز کا انتظام/وزیر اعلیٰ



سرینگر/یو پی آئی/جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی زیر صدارت آج منعقدہ کونسل آف منسٹرز کے چھٹے اجلاس میں ایک اہم اور دیرینہ مطالبے کو پورا کرتے ہوئے سب ڈسٹرکٹ اسپتال حضرت بل کی اپگریڈیشن کی باضابطہ منظوری دے دی گئی۔ یہ فیصلہ سرینگر ماسٹر پلان 2035 کے تحت موجود بفرزون پابندیوں میں نرمی فراہم کرنے کے بعد لیا گیا، جس کا مقصد علاقے میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنا اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق مذکورہ اپگریڈیشن کا منصوبہ کئی برسوں سے مختلف تکنیکی و قانونی رکاوٹوں کے باعث تعطل کا شکار تھا۔ بفرزون سے متعلق قواعد کے سبب اسپتال کی توسیع ممکن نہیں ہو پا رہی تھی، جس کے نتیجے میں نہ صرف بنیادی طبی سہولیات متاثر ہو رہی تھیں بلکہ عوام کو شدید مشکلات کا سامنا بھی تھا۔ علاقے کے لوگوں کو معمولی علاج ومعالجے کے لیے بھی دور دراز کے اسپتالوں کا رخ کرنا پڑتا تھا۔ کابینہ نے اس صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اس بات کا اعتراف کیا کہ حضرت بل اور ملحقہ علاقوں کی آبادی گزشتہ برسوں میں غیر معمولی حد تک بڑھ چکی ہے، جبکہ اسپتال کی گنجائش اور سہولیات اسی تناسب سے نہیں بڑھ پائیں۔ اسی تناظر میں وزیر اعلیٰ کی سربراہی میں ایک اہم اور تاریخی فیصلہ لیا گیا کہ عوامی مفاد کو مقدم/4

جموں وکشمیر ہندوستان کا اٹوٹ انگ تھا، ہے اور رہے گا/LG

پاکستانی زیر قبضہ جموں کشمیر نظر اندازی اور غلط حکمرانی کا شکار، کپوارہ میں "شوریہ گاتھا" کمپلیکس کا افتتاح

سرینگر/لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ضلع کپواڑہ کے کرناہ ٹنگڈار میں ایس ایم ہل پر "شوریہ گاتھا" کمپلیکس کا افتتاح کیا۔ یہ اقدام بارڈر ٹورازم، ورثے کے تحفظ اور سرحدی علاقوں کی ترقی کے فروغ میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا ہے۔ انہوں نے ناردرن کمانڈ، چنار کور، تمام افسران، فوجیوں، انجینئروں، کارکنوں اور مقامی باشندوں کو اس باوقار منصوبے کو قلیل مدت میں مکمل کرنے پر سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بہادر سپاہیوں نے مادرِ وطن کے/3

ہندوستانی پرچم والے جہاز پر ہوا حملہ ناقابلِ قبول/وزارت خارجہ

عمان کے ساحل پر اپنے تجارتی جہاز پر حملے کی سخت مذمت کی

نئی دہلی/یو این آئی/ہندوستان نے خلیج فارس میں آبنائے ہرمز کے قریب بدھ کو عمان کے ساحل پر اپنے ایک تجارتی جہاز پر حملے کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کی کارروائی کو قبول نہیں کیا جا سکتا اور جہاز رانی و تجارت کی آزادی میں رکاوٹ ڈالنا درست نہیں ہے۔ اس جہاز پر موجود ہندوستانی عملے کے ارکان محفوظ ہیں۔ وزارت خارجہ کے ترجمان نے جمعرات کو اس پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا، "عمان کے ساحل کے قریب کل ایک ہندوستانی پرچم والے جہاز پر ہوا حملہ ناقابل قبول ہے اور ہم اس واقعہ کی سخت مذمت کرتے ہیں کہ تجارتی جہاز رانی اور سویلین ملاحوں کو مسلسل نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ جہاز پر موجود تمام ہندوستانی عملے کے ارکان محفوظ ہیں اور انہیں بچانے کے لیے ہم عمان کے حکام کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔" انہوں نے کہا کہ ہندوستان اس بات کا اعادہ کرتا ہے کہ تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانا، بے قصور شہری عملے کے ارکان کو خطرے میں ڈالنا، یا جہاز رانی اور تجارت کی آزادی میں رکاوٹ پیدا/8

زمین کے فراڈ کیس میں بڈگام میں چھاپے اور گھر گھر تلاشیاں

دلال بن کر لاکھوں روپے ناجائز طور کمانے کا معاملہ زیر تفتیش

سرینگر/سی این آئی/جعلی دستاویزات کے ساتھ اراضی فراڈ کیس میں کرائم برانچ کی اکنامک ونگ نے سرینگر اور بڈگام اضلاع میں چھاپہ مار کارروائیاں انجام دیتے ہوئے تلاشیاں لی۔ سی این آئی کے مطابق کرائم برانچ، جموں وکشمیر کے اکنامک کرائم ونگ کشمیر نے سرینگر اور بڈگام اضلاع میں جعلی دستاویزات اور مجرمانہ سازش کے مبینہ اراضی فراڈ کیس کے سلسلے میں گھر گھر تلاشی لی۔ کرائم برانچ نے ایک بیان میں کہا کہ یہ مقدمہ بڈگام ضلع کے ہمامہ کے ایک رہائشی کی طرف سے درج تحریری شکایت کے بعد درج کیا گیا ہے، جس نے الزام لگایا ہے کہ سرینگر کے ایک رہائشی نے نارکارہ میں واقع زمین کو فروخت کرنے کے بہانے اس سے دھوکہ دہی سے لاکھوں روپے حاصل کیے ہیں۔ بیان کے مطابق ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ ملزمان جن کی شناخت طارق احمد صوفی ولد غلام احمد صوفی ساکنہ ٹینگہ باغ سرینگر اور طارق احمد وانی ولد محمد عبداللہ وانی ساکنہ نارکارہ بڈگام کے طور پر ہوئی ہے، مبینہ طور پر زمین کے دلالوں کے طور پر/5

دہلی لال قلعہ دھماکہ کیس میں 10 ملزموں کے خلاف چارج شیٹ

قومی تحقیقاتی ایجنسی (NIA) کی طرف سے داخل کر دی گئی ہے

سرینگر/سی این آئی/دہلی کے لال قلعہ دھماکہ کیس کے معاملے میں قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے 10 ملزمین کے خلاف 7500 صفحات پر مشتمل چارج شیٹ دائر کر دی ہے۔ قومی تحقیقاتی ایجنسی نے لال قلعہ دہلی میں کار بم دھماکہ کیس میں 10 ملزمین کے خلاف 7500 صفحات پر مشتمل چارج شیٹ داخل کی ہے، جس میں 11 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے تھے۔ خیال رہے کہ گزشتہ سال 10 نومبر کو نئی دہلی کے/15

کھانے پینے کی غیر معیاری چیزوں کا پتہ لگانے کیلئے تفتیشی کمیٹیاں

چیکنگ مہم کو سات دنوں کے اندر اندر شروع کرنے کی ہدایات جاری

سرینگر/یو این ایس/جموں وکشمیر حکومت نے خوراک میں ملاوٹ، غیر معیاری اشیائے خورونوش اور صفائی ستھرائی کی خلاف ورزیوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی شروع کرنے کیلئے کثیر سطحی نفاذی نظام قائم کر دیا ہے۔ اس مقصد کیلئے ضلعی انتظامیہ، پولیس، محکمہ صحت، لیگل میٹرولوجی، میونسپل اداروں اور فوڈ سیفٹی محکمہ پر مشتمل مشترکہ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو یونین ٹیریٹری بھر میں مختلف فوڈ کاروباری مراکز کی مشترکہ چیکنگ کریں گی۔ یو این ایس کے مطابق یہ اقدام گزشتہ ایک سال کے دوران گوشت اور دیگر غذائی اشیا میں بڑے پیمانے پر ملاوٹ اور فوڈ سیفٹی خلاف ورزیوں کے انکشافات کے بعد اٹھایا گیا ہے/9

وزیر خارجہ کا آبنائے ہرمز اور بحیرہ احمر میں محفوظ اور بلا روک ٹوک

سمندری بہاؤ کو یقینی بنانے پر زور BRICS کی تقریب سے خطاب

سرینگر/سی این آئی/بھارت نے مغربی ایشیا کے بحران اور آبنائے ہرمز میں توانائی کی سپلائی اور سمندری استحکام پر اس کے اثرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور برکس ممالک پر زور دیا کہ وہ جغرافیائی سیاسی ہلچل کے ساتھ ساتھ یکطرفہ زبردستی پابندیوں کو نیویگیٹ کرنے کیلئے عملی طریقے تیار کریں۔ سی این آئی کے مطابق دو روزہ برکس کنکلیو کے افتتاحی دن اپنے خطاب میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے مخصوص ممالک کا نام لیے بغیر زور دے کر کہا کہ خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے احترام کو بین الاقوامی تعلقات کو تشکیل دینے کا انداز کرنا چاہیے، اس بات کو برقرار رکھتے ہوئے کہ "بات چیت اور سفارت کاری" تنازعات کے حل کا واحد پائیدار راستہ پیش کرتی ہے۔ جے شنکر نے کہا کہ بھارت تناؤ میں کمی کی کوششوں اور استحکام کی بحالی کے مقصد سے/7

برکس کے وزرائے خارجہ کی مودی سے ملاقات

روس کے لاوروف نے مودی سے علیحدہ طور ملاقات کی

نئی دہلی/یو این آئی/برکس میٹنگ میں شرکت کے لیے یہاں آئے ہوئے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ نے جمعرات کو میٹنگ کے علاوہ وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف، ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی، جنوبی افریقہ کے وزیر خارجہ رونالڈ لامولا اور برازیل کے وزیر خارجہ مورو ویرا سمیت تمام رکن ممالک کے نمائندوں نے وزیر اعظم سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے ان کے ساتھ تصویر بھی کھنچوائی۔ مسٹر لاوروف نے مسٹر مودی سے علیحدہ ملاقات بھی کی اور گزشتہ سال دسمبر میں منعقدہ 23 ویں ہند-روس سالانہ سربراہ ملاقات کے بعد دو طرفہ تعاون میں ہونے والی پیش رفت کے/11

خاتون سمیت 3 گرفتار، منشیات نیٹ ورک بے نقاب/پولیس

سرینگر/یو این ایس/جموں وکشمیر پولیس نے جنوبی کشمیر میں منشیات کے خلاف جاری مہم کے دوران ایک بڑے بین الریاستی منشیات نیٹ ورک کو بے نقاب کرتے ہوئے خاتون منشیات فروش سمیت تین افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ حکام کے مطابق یہ کارروائی کولگام ضلع میں مسلسل جاری انسداد منشیات آپریشنز کا حصہ ہے جس کا مقصد پورے نیٹ ورک کو جڑ سے ختم کرنا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق کارروائی اس وقت شروع ہوئی جب پولیس اسٹیشن قاضی گنڈ کی ناکہ پارٹی نے چرٹ کنڈ موڑ کے قریب ایک مشکوک شخص کو روکا۔ تلاشی کے دوران اس کے قبضے سے تقریباً 6.8 گرام ہیروئن جیسا نشہ آور مواد برآمد ہوا۔ گرفتار شخص کی شناخت شکور خان کے طور پر ہوئی، جو دہلی کا رہائشی بتایا جاتا ہے اور اس وقت وادی میں مقیم تھا۔ اس کے خلاف این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تحقیقات کے دوران اس نیٹ ورک کی کڑیاں مزید آگے تک پہنچیں جس کے بعد ایک خاتون منشیات فروش ریکھا کو بھی گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمہ ننگم علاقے میں کرائے کے مکان میں رہائش پذیر تھی اور/6

جموں وکشمیر اسمبلی کو نیشنل کانفرنس ہیڈکوارٹر میں تبدیل کرنے کی کوشش/شرما

کمیٹیوں کی صدارت میں اپوزیشن کو نہ ہونے کے برابر نمائندگی دینے کا الزام



سرینگر/سی این آئی/جموں وکشمیر اسمبلی کی ہاؤس کمیٹیوں میں چیئرمین شپ کی تقسیم کو لیکر تنازع شدت اختیار کر گیا ہے جس دوران اپوزیشن لیڈر سنیل کمار شرما نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) جلد ہی ایک میٹنگ بلائے گی جس کا فیصلہ کیا جائے گا کہ آیا پینل کا بائیکاٹ کیا جائے۔ سی این آئی کے مطابق میڈیا سے بات کرتے ہوئے بی جے پی کے سینئر لیڈر سنیل شرما نے کہا کہ کمیٹی کی چیئرمین شپ کی تقسیم غیر منصفانہ تھی اور نیشنل کانفرنس اور اس کے اتحادیوں کے حق میں جھکا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم فیصلہ کریں گے کہ آیا کمیٹیوں کی کارروائی سے دور رہنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی کو نیشنل کانفرنس کے ہیڈکوارٹر میں تبدیل کیا/13

"آپریشن سندور" نے پاکستان کو ایک مضبوط پیغام بھیجا ہے/راج ناتھ

اب دوبارہ بھارت کی طرف دشمنی کی نگاہ سے دیکھنے کی جرات نہیں کرے گا

سرینگر/جے کے این ایس/وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے جمعرات کو پاکستان کو دہشت گردی کیخلاف خبردار کیا اور کہا کہ اگر ہمسایہ ملک دوبارہ اشتعال انگیزی کرتا ہے تو ہندوستان فیصلہ کن جواب دے گا۔ جے کے این ایس کے مطابق جنوبی راجستھان میں راجپوت حکمران راؤ دودا کے مجسمے کی نقاب کشائی کے بعد ناگور کے میرٹا ٹاؤن میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور نے پاکستان کو ایک مضبوط پیغام بھیجا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاید پاکستان دوبارہ بھارت کی طرف دشمنی کی نگاہ سے دیکھنے کی جرات نہیں کرے گا لیکن میں کہنا چاہتا ہوں کہ اگر ایسا ہوا تو وہ ہو جائے گا جو آج تک نہیں ہوا۔ راجناتھ سنگھ نے کہا کہ شروع سے، ہماری پالیسی کسی کو ستانے کی نہیں تھی۔ لیکن اگر کوئی ہمیں ستاتا ہے، تو ہم انہیں بھی نہیں بخشتے۔ گزشتہ سال 22 اپریل کو پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کا حوالہ/14

لیفٹیننٹ گورنر نے شوپیان میں ساؤتھ کشمیر والی بال لیگ۔2026 کا اِفتتاح کیا

لیفٹیننٹ گورنر نے اَرہامہ میں کثیر المقاصد سپورٹس اِنڈور ہال بھی نوجوانوں کیلئے وقف کیا

سری نگر/14 مئی//لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جمعرات کو شوپیاں میں ساؤتھ کشمیر والی بال لیگ۔2026 کا افتتاح کیا۔انہوں نے ارہامہ میں 4.94 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کردہ کثیر المقاصد سپورٹس انڈور ہال بھی نوجوانوں کے لئے وقف کیا۔اس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ساؤتھ کشمیر والی بال لیگ جیسے کھیلوں کے ٹورنامنٹوں کو نوجوانوں کی ناظرین سے اپنی تقدیر کے معمار بننے کی جانب منتقلی کا ایک مضبوط اظہار قرار دیا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ 2021 میں شروع ہونے والی یہ لیگ نوجوانوں کی شمولیت، مسابقتی کھیلوں کے فروغ اور جنوبی کشمیر بھر میں والی بال سرگرمیوں کو مضبوط کرنے کا ایک بڑا پلیٹ فارم بن کر ابھری ہے۔لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،"ساؤتھ کشمیر والی بال لیگ، کھیلوں کو نوجوانوں کی مثبت شرکت اور سماجی تبدیلی کے لئے ایک مثبت ذریعہ بنا کر 'نشہ مکت جموں و کشمیر' کی مہم میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔" انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں نوجوانوں کو اپنے خواب پورے کرنے اور قومی و بین الاقوامی کھیلوں کے میدان میں اپنی بے پناہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کی ہے۔لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،" یونین ٹیریٹری میں نوجوانوں کی بڑی تعداد کو والی بال اور دیگر کھیلوں کی سرگرمیوں اور قومی یکجہتی پروگراموں سے جوڑ کر انتظامیہ کامیابی کے ساتھ۔۔۔/101

وزیر اعلیٰ کی زیر قیادت کابینہ نے اچھن میں

361 کروڑ روپے کے انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کی منظوری دی

سری نگر/14 مئی//وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی سربراہی میں منعقدہ وزراء کونسل کی میٹنگ میں 361 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے اچھن سری نگر میں 800 ٹن یومیہ صلاحیت کے انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ (آئی ایس ڈبلیو ایم) پروجیکٹ کے قیام کی منظوری دی ہے۔یہ فیصلہ وزراء کونسل کی پچھلی میٹنگ کے دوران لیا گیا جس کا مقصد سری نگر میں سائنسی بنیادوں پر ویسٹ مینجمنٹ ڈھانچے کو مضبوط بنانا اور ماحول دوست طریقے سے میونسپل سالڈ ویسٹ کو دیرپا ٹھکانے لگانے اور پروسیسنگ کو یقینی بنانا ہے۔مجوزہ انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کا مقصد جدید اور موثر نظام کے ذریعے سری نگر شہر میں کوڑا کرکٹ کو جمع کرنے، الگ کرنے، ٹریٹمنٹ اور تلفی کی صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے۔اس منصوبے سے صفائی ستھرائی کے معیار میں نمایاں بہتری، ماحولیاتی آلودگی میں کمی اور صاف و صحت مند شہری ماحول کے فروغ کی توقع کی جا رہی ہے۔اچھن میں اس سہولیت کے قیام سے طویل مدتی شہری منصوبہ بندی اور ماحولیاتی دیرپائی کی کوششوں کو بھی تقویت ملے گی جبکہ تیزی سے شہری توسیع اور آبادی میں اضافے کے پیش نظر شہر کی بڑھتی ہوئی ویسٹ مینجمنٹ ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔

100 روزہ مہم کے تحت بڈگام میں متعدد بیداری پروگراموں کا انعقاد

بڈگام، 14 مئی////نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت جاری سو روزہ مہم کے سلسلے میں ضلع بڈگام کے مختلف تعلیمی اداروں، دیہات اور عوامی مقامات پر بیداری اور شعور اجاگر کرنے کے متعدد پروگرام منعقد کیے گئے تاکہ منشیات، تمباکونوشی اور نشہ آور اشیاء کے مضر اثرات کے بارے میں عوام کو آگاہ کیا جا سکے۔گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول بڈگام میں ایک نکڑ ناٹک پیش کیا گیا جس میں طلبہ نے موثر انداز میں منشیات کی لت کے خطرات اور صحت مند و منشیات سے پاک معاشرے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔اسی طرح بابل قرا کے تحت کلسٹر ہائر سیکنڈری اسکول بی کے پورہ اور گورنمنٹ مڈل اسکول بٹ پورہ واتھورہ میں بھی بیداری سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا جہاں طلبہ نے اسٹریٹ پلے اور عوامی بیداری مہمات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ان سرگرمیوں کا مقصد۔۔۔/103

نیشنل کانفرنس ضلع بڈگام کا خصوصی اجلاس

لوگوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح:شوکت میر

سرینگر// جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس ضلع بڈگام کا ایک خصوصی اجلاس آج پارٹی ہیڈکوارٹر پر صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وسطی زون صدر و ایم ایل اے چاڈورہ علی محمد ڈار، ایم ایل اے بیروہ ڈاکٹر شفیع احمد وانی، ایم ایل اے خانصاحب ایڈوکیٹ سیف الدین بٹ، ایم ایل اے لالچوک احسان پردیسی، ریاستی ترجمان عمران نبی ڈار، ضلع صدر بڈگام غلام نبی بٹ نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران ضلع میں پارٹی سرگرمیوں، تنظیمی پروگراموں، عوامی رابطہ مہم، جاری تعمیر و ترقیاتی کاموں، عوامی مسائل و مطالبات اور فلاحی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقعے پر گذشتہ ڈیڑھ برس کے دوران ضلع بڈگام میں شروع کیے گئے ترقیاتی۔۔۔/106

ست شرما نے نائب صدر کے سامنے جموں وکشمیر میں نوجوانوں کو

بااختیار بنانے، رابطہ کاری اور طرزِ حکمرانی میں اصلاحات کو اُجاگر کیا

نئی دہلی، 14 مئی/////جموں وکشمیر بھارتیہ جنتا پارٹی کے صدر اور رکن پارلیمان (راجیہ سبھا) ست شرما نے ہندوستان کے نائب صدر سی پی رادھا کرشنن سے ملاقات کی اور جموں وکشمیر کی سماجی، سیاسی، سلامتی، جمہوری اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ملاقات کے دوران ست شرما نے نائب صدر کو دفعہ 370 اور 35 اے کی منسوخی کے بعد جموں وکشمیر میں زمینی سطح پر رونما ہونے والی تبدیلیوں سے آگاہ کیا اور اس بات پر زور دیا کہ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں امن، ترقی، جمہوری شرکت اور ادارہ جاتی استحکام کی موجودہ رفتار کو برقرار رکھنا بے حد ضروری ہے۔ست شرما نے نائب صدر کو بتایا کہ جموں وکشمیر کے عوام کی دہائیوں کے بعد پہلی مرتبہ مرکزی فلاحی اسکیموں کے براہ۔۔۔/105

اپنی پارٹی جموں وکشمیر میں خواتین کو سماجی، معاشی، تعلیمی اور

سیاسی طور بااختیار دیکھنا چاہتی ہے/سید محمد الطاف بخاری

سرینگر// اپنی پارٹی کے سربراہ سید محمد الطاف بخاری نے کہا ہے کہ اپنی پارٹی جموں وکشمیر میں خواتین کی سماجی، معاشی، تعلیمی اور سیاسی بااختیاری کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے یہ بات آج سرینگر میں پارٹی صدر دفتر پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔یہ تقریب سرکردہ سماجی و سیاسی رہنما صبیہ بٹ اور ان کے ساتھیوں کا اپنی پارٹی میں خیر مقدم کرنے کے لیے منعقد کی گئی تھی۔صبیہ بٹ اس سے قبل سماج وادی پارٹی کی صوبائی جنرل سیکریٹری، رکن سٹیٹ کمیٹی اور کپوارہ حلقہ انتخاب کے لئے انچارج تھیں۔ان تمام نئے اراکین کا تعلق ضلع کپوارہ بالخصوص ترگام علاقے سے ہے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سید محمد الطاف بخاری۔۔۔/104

ایڈیشنل کمشنر کشمیر کا شوپیان میں جمعبندیوں کی ڈیجیٹائزیشن کا جائزہ

ضلع میں تمام جمعبندیوں کی سوفیصد ڈیجیٹائزیشن مکمل

شوپیان، 13 مئی/////ایڈیشنل کمشنر کشمیر اکرم اللہ ٹاک نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شوپیان ڈاکٹر ناصر احمد لون کے ہمراہ آج تحصیل دفتر شوپیان کے کانفرنس ہال میں منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران ضلع میں جمعبندیوں کی ڈیجیٹائزیشن کے عمل کا جائزہ لیا۔اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر ذاکر حسین فاضل، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو شوپیان شاکر احمد ڈار سمیت ضلع کے تمام تحصیلداروں اور محکمہ مال کے افسران نے شرکت کی۔ابتدائی طور پر ایڈیشنل کمشنر نے تمام تحصیلوں میں جاری ڈیجیٹائزیشن عمل کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ زیر التوا انتقالات کی تجدید سے متعلق باقی ماندہ کام کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے۔ضلع میں محکمہ مال کے ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے انہیں بتایا گیا کہ شوپیان ضلع کی تمام جمعبندیوں کی سو فیصد ڈیجیٹائزیشن مکمل کر لی گئی ہے جبکہ زیر التوا انتقالات کی تجدید کا کام بھی مکمل ہو چکا ہے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اکرم اللہ ٹاک۔۔۔/107

بارہمولہ میں پولیس اور تعلیمی اداروں کے اشتراک سے کراس کنٹری دوڑ کا انعقاد

بارہمولہ، 14 مئی////نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت نوجوانوں میں منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی اپنی مسلسل کوششوں کو جاری رکھتے ہوئے بارہمولہ پولیس نے مختلف تعلیمی اداروں کے اشتراک سے ضلع کے مختلف مقامات پر کراس کنٹری دوڑوں کا انعقاد کیا۔اسی سلسلے میں بارہمولہ پبلک اسکول کے اشتراک سے ایک کراس کنٹری دوڑ کا اہتمام کیا گیا جو بارہمولہ پبلک اسکول سے لذورہ تک منعقد ہوئی۔اس پروگرام میں طلباء اور تدریسی عملے نے جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور ایک صحت مند، باوقار اور منشیات سے پاک معاشرے کا پیغام عام کیا۔اسی طرح ایک اور کراس کنٹری دوڑ بارہمولہ پولیس نے پاٹھنر انسٹی ٹیوٹ آف نرسنگ بجی ویرا کے۔۔۔/108

جموں وکشمیر میں اندرونِ آبی نقل وحمل خدمات جلد شروع ہونے کے امکانات روشن

چیف سیکریٹری نے آئی ڈبلیو اے آئی کے اشتراک سے جاری منصوبوں اور آبی سیاحت کے فروغ کا جائزہ لیا

سری نگر، 14 مئی/////چیف سیکریٹری اٹل ڈولو نے آج جموں وکشمیر میں اندرون آبی نقل وحمل کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور مستقبل کے لائحہ عمل کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں محکمہ ٹرانسپورٹ اور ان لینڈ واٹرویز اتھارٹی آف انڈیا (آئی ڈبلیو اے آئی) کے اشتراک سے جاری اقدامات پر تفصیلی غور کیا گیا۔اجلاس میں مرکز کے زیر انتظام علاقے کی اہم ندیوں میں پائیدار، ماحول دوست اور جدید آبی نقل وحمل کے نظام کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی گئی، خاص طور پر سیاحتی کروز خدمات، شہری آبی ٹرانسپورٹ سہولیات اور قومی آبی گزرگاہوں پر جہاز رانی کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی پر زور دیا گیا۔اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری محکمہ تعمیرات عامہ، چیئرمین آئی ڈبلیو اے آئی، سیکریٹری محکمہ ٹرانسپورٹ، ٹرانسپورٹ کمشنر، آئی ڈبلیو اے آئی کے افسران، مختلف متعلقہ محکموں کے نمائندوں اور محکمہ ٹرانسپورٹ کے سینئر افسران نے شرکت کی۔چیف سیکریٹری نے مختلف محکموں کے باہمی تال میل سے متعلق امور کا جائزہ لیا جن میں پلوں کے نیچے عارضی بند ہٹانا، ہائی وولٹیج بجلی لائنوں کی منتقلی، ٹرمینلز پر بجلی اور پانی کی فراہمی، رابطہ سڑکوں کی تعمیر، اہم گھاٹوں پر سیوریج ٹریٹمنٹ سہولیات اور درختوں کی کٹائی و تعمیراتی اجازت نامے شامل تھے۔انہوں نے کہا کہ۔۔۔/109

ہاؤس کمیٹی کے معائنے نے بڈگام میں سنگین آبی بحران کو بے نقاب کر دیا/ظفر میر

پانی، آبپاشی اور سڑک رابطوں میں غفلت پر حکمران جماعت کو ذمہ دار قرار دیا

بیوروکریسی کی تاخیری پالیسی ختم کرنے کا مطالبہ، سری نگر، 14 مئی/////جموں وکشمیر پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) کے سینئر رہنما ظفر میر (سمن) نے جمعرات کو بڈگام ضلع کے مختلف علاقوں، خصوصاً نگام بٹ پورہ، واتھورہ، کرال پورہ اور چاڈورہ میں پینے کے پانی کے بڑھتے ہوئے بحران پر شدید تشویش ظاہر کرتے ہوئے انتظامیہ پر برسوں کی غفلت اور نظامی ناکامی کا الزام عائد کیا۔ظفر میر نے کہا کہ وہ گزشتہ پانچ برسوں سے مسلسل ان علاقوں میں غیر محفوظ اور ناکافی پینے کے پانی کی فراہمی کے خلاف آواز اٹھاتے رہے ہیں، تاہم یہ سنگین مسئلہ سرکاری بے حسی اور بیوروکریٹک غفلت کی نذر رہا۔انہوں نے کہا کہ حال ہی میں ہاؤس کمیٹی کی جانب سے زمینی سطح پر کیے گئے معائنے، جس کی قیادت ریٹائرڈ جسٹس اور موجودہ رکن اسمبلی حسنین مسعودی نے کی، نے بڈگام کے بوسیدہ اور ناکارہ آبی ڈھانچے کی تلخ حقیقت کو بے نقاب کر دیا ہے۔ظفر میر نے کمیٹی کی جانب سے عوامی سطح پر معائنہ کرنے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس۔۔۔/111

راتھر نے بڈگام میں ترقیاتی منظرنامے کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی

سرینگر 14 مئی// اسپیکر قانون ساز اسمبلی مسٹر عبدالرحیم راتھر نے آج اپنے حلقہ انتخاب چرار شریف پر خصوصی توجہ مرکوز کرتے ہوئے ضلع بڈگام کے مجموعی ترقیاتی منظرنامے کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔میٹنگ کے دوران اسپیکر موصوف نے مختلف محکموں کے تحت ترقیاتی کاموں کا ایک جامع جائزہ لیا جن میں دیہی ترقی کے محکمہ آر ڈی ڈی، آر اینڈ بی، جل شکتی، صحت، تعلیم اور دیگر شعبے شامل ہیں۔ گزشتہ مالی سال کے دوران محکموں کی کارکردگی اور کامیابیوں کے ساتھ ساتھ رواں مالی سال کے پلان کو حتمی شکل دینے کے حوالے سے تفصیلی بات چیت کی گئی۔۔۔/110

ڈی سی سری نگر کا باغات شوراسکول میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے کاموں کا جائزہ

سری نگر، 14 مئی/////ڈپٹی کمشنر سری نگر اکشے لبرو نے آج لال بازار علاقے میں واقع گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول باغات شورہ کا دورہ کیا اور وہاں جاری بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میر امتیاز العزیز، چیف پلاننگ آفیسر فیاض احمد ڈار، ایگزیکٹو انجینئر آر اینڈ بی ڈویژن کورٹ عارف رحمان ہزارے، تحصیلدار عیدگاہ محمد اقبال زرگر، ڈپٹی چیف ایجوکیشن آفیسر انجم راجہ، جواہر نوودیہ ودیالیہ کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے سمگرہ شکشا اسکیم کے تحت محکمہ آر اینڈ بی کی جانب سے جاری تعمیراتی کاموں کی رفتار اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے عمارت کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور تعمیراتی سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ایجنسی کو ہدایت۔۔۔/112

جاوید ڈار نے ویٹرنری انفراسٹرکچر اور پروجیکٹ نگرانی کا جائزہ لیا

بروقت ٹینڈرنگ، فنڈز کے موثر استعمال اور یوٹی سکیموں کی زمینی سطح پر عمل آوری پر زور

سری نگر/14 مئی//وزیر برائے زرعی پیداوار، دیہی ترقی و پنچایتی راج، امداد باہمی اور الیکشن محکمہ جات جاوید احمد ڈار نے آج سول سیکرٹریٹ میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی جس میں کشمیر بھر میں ویٹرنری یونٹوں کی صورتحال کا جامع جائزہ لیا گیا اور اے پی ڈی کی مرکزی معاونت والی سکیموں (سی ایس ایس) اور یوٹی سیکٹر سکیموں کی پیش رفت پر غور و خوض کیا گیا۔میٹنگ میں ڈائریکٹر فنانس اے پی ڈی، ڈائریکٹر پلاننگ اے پی ڈی، ڈپٹی ڈائریکٹر اینمل ہسبنڈری کشمیر سمیت محکمہ کے دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔دوران میٹنگ ڈپٹی ڈائریکٹر اینمل ہسبنڈری کشمیر میں افرادی قوت کی ضروریات کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر موصوف کو بتایا گیا کہ ویٹرنریز اور پیرا ویٹرنریز کی خالی اسامیوں کو پُر کرنے کے لئے تمام ضروری فارملیٹیز کو قائم کردہ رہنما خطوط کے مطابق مکمل کیا گیا ہے۔ڈپٹی ڈائریکٹر نے مزید بتایا گیا کہ زیر التوا کاموں کے لئے ٹینڈرنگ کا عمل جلد شروع کیا جائے گا۔۔۔/113

The Jammu and Kashmir Board of School Education

New Campus, Bemina Srinagar

Attention Please

The candidate whose photograph is above reports that he / she have lost his / her qualification certificate/s has the following description–:
Roll no–: 10533, Class:-10th Year &Session:-1977 NOV, Registration No:22-GBP-M-75 Name: RAFIQA SHAFIQ Father's Name: ABDUL AZIZ KHOJA Mother's Name: SAFIYA, Date of Birth:15-12-1958 ,Residence : Onagam Bandipora.

Now the candidate has applied for issuance of Duplicate Qualification Certificate. Before the case will be processed under rules, if somebody have any kind of objection in this regard he/she shall approach the office of the undersigned within 07days from the date of publishing of this notice after expiring date no objection shall be entertained.

Besides, the QUALIFICATION CERTIFICATE bearing Serial No/s 1101 are to be treated as CANCELLED.

Sd/-Deputy Secretary,Certificates. KD.

PUBLIC NOTICE

I Romana Bashir D/o Bashir Ahmad Bagal R/o Hyderpora have applied for issuance of a Legal Heir Certificate before the Tehsildar, Chanapora/Natipora, Srinagar.

It is hereby notified that my mother namely Rafiqa expired on 03.01.2026 leaving behind the following legal heirs:

S. No.	Name	Age	Relationship with deceased
1	Ruqsana	33	Daughter
2	Romana Bahir	28	Daughter
3	Amjid Bashir	27	Son

If any person has any objection(s) regarding the issuance of the said certificate, they may file their objection(s) before the office of the Tehsildar. Chanapora Natipora or the concerned. Naib Tehsildar (Nowgam/Sanatnagar), Srinagar within the 07 days from the date of publication of this notice,

No objection shall be entertained after the expiry of the stipulated period.

Romana Bashir

PUBLIC NOTICE

I, Shuja Jeelani, S/o Ghulam Mohammad Jeelani, R/o 79,B Pamposh Colony Natipora, Srinagar, intend to transfer the electric connection at my shop, Jeelani Pharmaceuticals, Maisuma Bazar, from the name of Mohammad Usman to my name.Connection Details:Consumer ID: 0201010002788 Installation No: 77242-R2 Any person having objections should submit them in writing to the Executive Engineer, KPDCL, Division-I(Basant Bagh) Srinagar, within seven days of this notice, No objections will be accepted thereafter.

Shuja Jeelani S/o Ghulam Mohammad Jeelani R/o Natipora, Srinagar

PUBLIC NOTICE

This is to inform the general public that I, Muzafar Ahmad Dar S/o Ghulam Mohammad Da R/o Hyderpora, Srinagar, intend to upgrade my existing B-Class Card to an A-Class Card from the concerned department,

If any person has any objection regarding this matter, he/she may submit the objection along with valid proof to the concerned office within seven(7days) from the date of publication of this notice, No objection shall be entertained after the stipulated period,

Concerned department (J&K public works department)

Muzafar Ahmad Dar
S/o Ghulam Mohammad Dar
R/o Hyderpora, Srinagar

OFFICE OF THE NAIB TEHSILDAR BUDGAM

NOTICE FOR ISSUANCE OF RBA CERTIFICATE

It is hereby notified for the information of the general public that the following applicant and his family members, resident Handjan of Tehsil Budgam, District Budgam, have applied for issuance of R.B.A. certificate in terms of Government of Jammu and Kashmir rules.

Whereas, Shri/Smt Absar-Bashir-Mir S/O Bashir-Ahmed-Mir R/O Handjan Tehsil Budgam District Budgam has applied before this office for issuance of R.B.A Certificate. The report of patwari concerned reveals that the applicant is continuously residing in the said village since more than last fifteen (15 (years along with his family and till date the ancestors of the applicant have not migrated from the said village. Any person having objection(s(with regard to the issuance of the said RBA certificate may submit the same in writing to the office of the undersigned within 07) seven(days from the date of publication of this notice. After expiry of the stipulated time, no objection shall be entertained and the certificate will be issued in due course.

Details of Applicant and Family Members:

S.No	Name of Family Members	Members Relationship with Applicant	Occupation	Annual Income
1	Bashir Ah. Mir	Father	Labour	2,40,000
2	Mehmooda Bano	Mother	House wife	
3	Absar Bashir Mir	Self	Student	
4	Ikhlas Bashir Mir	Brother	Studen	
	Total			2,40,000

Naib Tehsildar,Budgam

سرینگر ٹائمز

15 مئی 2026، بروز جمعہ

امریکہ ایران جنگ اور بیجنگ

ڈونالڈ ٹرمپ کی دوڑ دھوپ کا مقصد کیا

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ اس وقت چین کی راجدھانی بیجنگ میں موجود ہیں۔ اس دوران انہوں نے چین کے سربراہ کے ساتھ ملاقات کی ہے اور عالمی سطح پر اہم معاملات پر گفت وشنید کی ہوگی۔ ٹرمپ نے چین کی جانب رُخ کرنے سے پہلے کہا تھا کہ وہ چین کے صدر کے ساتھ ایران کے معاملہ پر طویل تبادلہ خیال کریں گے۔ بے شک ان کا یہ فرمان بالکل صحیح ہے کیونکہ ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ سے پیدا شدہ سنگین صورتحال سے دنیا کا تقریباً ہر ملک بری طرح متاثر ہے۔ چین اس سلسلہ میں ٹرمپ کے ساتھ اپنی بات چیت میں صدر امریکہ کے فیصلہ کو درست کہیں گے یا غلط اس کا پتہ دونوں ملکوں کے ترجمانوں کی طرف سے معلومات کی فراہمی سے مل جائے گا۔ لیکن ابھی تک جو صورتحال ہے وہ یہ ہے کہ امریکہ کو ایران کے ساتھ جھگڑا مول لینے اور جنگ کرنے کی زبردست قیمت چکانی پڑی ہے۔ اس کے اربوں کھربوں ڈالر برباد ہوگئے ہیں اور نتیجہ ٹرمپ کے ارادوں اور اندازوں کے بالکل برعکس برآمد ہوا۔ امریکہ کے صدر نے ایران پر حملہ کے چند دنوں کے بعد ہی ایران کی حکومت سے ہتھیار ڈالنے کا انتباہ کیا تھا ورنہ بقول ان کے ایران کے خلاف سخت کاروائی ہوگی۔ آپ نے ایران کے لوگوں سے بھی کہا تھا کہ وہ اپنے ہاں سرکار کو تبدیل کرنے کیلئے صف آرا ہوجائیں مگر یہ سب دعوے غلط ثابت ہوگئے۔ ٹرمپ کے انتباہ کا اُلٹا اثر نکل گیا۔ ایران کے لوگ زیادہ منظم اور متحد ہوگئے جس کے نتیجہ میں ٹرمپ کو نہ صرف دنیا کے اکثر ملکوں بلکہ خود امریکہ میں زبردست مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ اہل امریکہ کی اکثریت نے ایران کے خلاف جنگ کو غیر قانونی قرار دیا۔ برطانیہ نے اس جنگ میں دخل دینے سے انکار کیا اور یورپی ممالک نے کوئی ساتھ نہیں دیا۔ امریکہ نے جن عرب اور مسلم ممالک میں اپنے فوجی اڈے قائم کئے تھے وہ ایران کے میزائلوں کا نشانہ بن گئے۔ اتنا ہی نہیں ایران نے آبنائے ہرمز پر اپنا کنٹرول مضبوط کیا جس کے سبب امریکہ کے بحری جہازوں کو اپنے بچاؤ کیلئے پیچھے بھاگنا پڑا۔

بلاشک امریکہ اور اسرائیل نے کبھی مل کر اور کبھی الگ الگ طور ایران کے فوجی ٹھکانوں، فوجی تنصیبات کے علاوہ سکولوں اور شہری آبادی والے علاقوں پر بمباری کر کے ''اپنی برتری'' کو ثابت کرنے کی کوشش کی مگر دنیا نے ان واقعات کو جنگی جرائم سے تعبیر کیا۔

آج صورتحال یہ ہے کہ امریکہ کے صدر ایران کے ساتھ صُلح کرنے کیلئے بے چین ہیں دوسرے کچھ ممالک کی ثالثی کے باوجود سمجھوتہ نہیں ہورہا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ امریکہ کے صدر ٹرمپ ایران کی شرائط کو ماننے سے انکار کرتے ہیں اور ایران کے حکمران ٹرمپ کی تجاویز کو ٹھکرا رہے ہیں۔ اس کا مطلب صاف ہے کہ ایران اپنے دم خم کا مظاہرہ کررہا ہے اور امریکہ اس جنگ میں کود کر اپنے آپ کو دلدل میں محسوس کررہا ہے۔

آج ٹرمپ اُسی چین کا دورہ کررہے ہیں کہ جس پر انہوں نے ٹیرف پر ٹیرف لگائے تھے اور صدر چین کو کئی معاملات میں تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ ابھی جنگ ختم نہیں ہوئی۔ اگرچہ جنگبندی کا اعلان کیا جاچکا تھا مگر ٹرمپ کی زبان بندی نہیں ہورہی ہے۔ ایک طرف وہ ''ڈیل'' کے قریب ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں تو دوسری جانب ایران پر شدید اور شدید حملے کرنے کی دھمکیوں سے باز نہیں آتے ہیں۔ اس تناظر میں ٹرمپ کا دورہ چین معنی خیز ہے۔ یقیناً ان کے دورے کا مقصد ایران کے ساتھ جنگ سے پیدا شدہ مسائل کو حل کرانا ہوگا۔ اب دیکھنا ہے کہ چین سے رخصت ہونے کے بعد ٹرمپ کے نظریات میں کیا تبدیلیاں آتی ہیں۔

موسمی پھلوں اور سبزیوں کے استعمال کے حیرت انگیز فوائد

منظور خورشید

قدرت نے انسان کو بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے اور ان نعمتوں میں پھل اور سبزیاں ایک خاص مقام رکھتے ہیں۔ ہر موسم اپنے ساتھ مختلف پھل اور سبزیاں لے کر آتا ہے جو نہ صرف ذائقے میں منفرد ہوتے ہیں بلکہ انسانی صحت کے لیے بھی بے حد فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں۔ آج کے دور میں جہاں فاسٹ فوڈ، مصنوعی مشروبات اور کیمیکل سے بھرپور غذاؤں کا استعمال بڑھتا جارہا ہے، وہاں موسمی پھلوں اور سبزیوں کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ یہ غذائیں قدرتی طور پر جسم کو وہ تمام غذائی اجزاء فراہم کرتی ہیں جن کی انسان کو ضرورت ہوتی ہے۔ ماہرین غذائیت بھی اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ہر انسان کو اپنی روزمرہ خوراک میں موسم کے مطابق پھل اور سبزیاں ضرور شامل کرنی چاہئیں تاکہ جسمانی نظام متوازن رہے اور بیماریوں سے بچاؤ ممکن ہوسکے۔

موسمی پھل اور سبزیاں اس موسم کے مطابق اگائی جاتی ہیں جس میں انسان کے جسم کو مخصوص غذائی ضروریات درکار ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر گرمیوں میں تربوز، خربوزہ، کھیرا اور لوکی جیسی غذائیں جسم میں پانی کی کمی پوری کرتی ہیں جبکہ سردیوں میں گاجر، شلجم، پالک اور مالٹے جسم کو حرارت اور توانائی فراہم کرتے ہیں۔ اسی طرح برسات کے موسم میں بعض پھل اور سبزیاں قوت مدافعت مضبوط بنانے میں مدد دیتی ہیں تاکہ موسمی بیماریوں سے بچاؤ ہوسکے۔ موسمی پھلوں اور سبزیوں کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ تازہ ہوتے ہیں۔ چونکہ یہ اپنے قدرتی موسم میں پیدا ہوتے ہیں اس لیے ان میں غذائیت بھرپور مقدار میں موجود رہتی ہے۔ اس کے برعکس غیر موسمی پھل اور سبزیاں اکثر کیمیکلز اور مصنوعی طریقوں کے ذریعے تیار کی جاتی ہیں تاکہ انہیں مخصوص وقت سے پہلے یا بعد میں بازار میں لایا جاسکے۔ ایسے پھل اور سبزیاں بظاہر خوبصورت دکھائی دیتے ہیں مگر ان میں غذائیت کم اور نقصان دہ اثرات زیادہ ہوسکتے ہیں۔

قدرتی موسم میں اگنے والی غذائیں جسم کے نظام ہاضمہ کے لیے بھی مفید ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر گرمیوں کے پھل زیادہ تر پانی اور معدنیات سے بھرپور ہوتے ہیں جو جسم کو ٹھنڈک پہنچاتے ہیں اور پانی کی کمی نہیں ہونے دیتے۔ اسی طرح سردیوں کی سبزیاں فائبر، وٹامنز اور حرارت پیدا کرنے والے عناصر رکھتی ہیں جو جسم کو سرد موسم کے اثرات سے محفوظ رکھتے ہیں۔ گویا قدرت نے ہر موسم کے مطابق انسان کی ضروریات کا مکمل انتظام کر رکھا ہے۔

موسمی پھل اور سبزیاں قوت مدافعت بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان میں وٹامن سی، وٹامن اے، آئرن، کیلشیم، پوٹاشیم اور اینٹی آکسیڈنٹس وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ یہ تمام اجزاء جسم کو مختلف بیماریوں کے خلاف مضبوط بناتے ہیں۔ مثال کے طور پر مالٹا، کینو اور امرود میں موجود وٹامن سی نزلہ، زکام اور انفیکشن سے بچانے میں مدد دیتا ہے جبکہ پالک اور میتھی جیسی سبزیاں خون کی کمی دور کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

آج کل موٹاپا، شوگر، بلڈ پریشر اور دل کی بیماریوں میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ غیر متوازن خوراک ہے۔ موسمی پھل اور سبزیاں ان بیماریوں سے بچاؤ میں مؤثر کردار ادا کرتے ہیں کیونکہ ان میں چکنائی کم اور فائبر زیادہ ہوتا ہے۔ فائبر نظام ہاضمہ کو بہتر بناتا ہے، قبض سے نجات دیتا ہے اور جسم میں اضافی چربی جمع نہیں ہونے دیتا۔ اسی وجہ سے ماہرین وزن کم کرنے کے لیے بھی زیادہ سبزیوں اور پھلوں کے استعمال کا مشورہ دیتے ہیں۔

بچوں کی نشوونما کے لیے بھی موسمی غذاؤں کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ بڑھتی عمر کے بچوں کو وٹامنز اور معدنیات کی ضرورت ہوتی ہے جو تازہ پھلوں اور سبزیوں سے حاصل ہوسکتے ہیں۔ اگر بچوں کو شروع سے ہی قدرتی غذاؤں کی عادت ڈالی جائے تو ان کی جسمانی اور ذہنی نشوونما بہتر انداز میں ہوتی ہے اور وہ بیماریوں سے نسبتاً محفوظ رہتے ہیں۔ موسمی غذائیں صرف صحت ہی نہیں بلکہ معیشت کے لیے بھی فائدہ مند ہوتی ہیں۔ چونکہ یہ اپنے موسم میں وافر مقدار میں دستیاب ہوتی ہیں اس لیے ان کی قیمت نسبتاً کم ہوتی ہے۔ عام آدمی کم خرچ میں زیادہ غذائیت حاصل کرسکتا ہے۔ اس کے برعکس غیر موسمی پھل اور سبزیاں مہنگی ہونے کے ساتھ ساتھ بعض اوقات صحت کے لیے نقصان دہ بھی ثابت ہوتی ہیں۔

دیہاتی زندگی میں آج بھی لوگ موسمی غذا کو اہمیت دیتے ہیں، اسی لیے وہاں کے افراد نسبتاً زیادہ صحت مند اور توانا نظر آتے ہیں۔ وہ تازہ سبزیاں، دودھ، پھل اور قدرتی غذائیں استعمال کرتے ہیں جبکہ شہروں میں پیکٹ بند اور مصنوعی خوراک کا رجحان زیادہ ہوگیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شہری آبادی میں معدے، دل اور شوگر کے مسائل بڑھتے جارہے ہیں۔

موسمی پھل اور سبزیوں کا ایک اہم فائدہ یہ بھی ہے کہ یہ ماحول دوست ہوتے ہیں۔ چونکہ انہیں اپنے قدرتی ماحول میں اگایا جاتا ہے اس لیے ان پر کم کیمیکل استعمال ہوتے ہیں۔ اس سے زمین کی زرخیزی برقرار رہتی ہے اور ماحول آلودگی سے محفوظ رہتا ہے۔ دوسری جانب مصنوعی طریقوں سے اگائی گئی غذائیں زمین اور انسانی صحت دونوں کے لیے نقصان دہ ہوسکتی ہیں۔

اسلام بھی اعتدال اور پاکیزہ غذا کی تعلیم دیتا ہے۔ قرآن مجید میں مختلف پھلوں اور نباتات کا ذکر موجود ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے انسان کے لیے نعمت قرار دیا ہے۔ سادہ، تازہ اور قدرتی غذا انسان کی روحانی اور جسمانی صحت دونوں کے لیے مفید سمجھی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامی تعلیمات میں فضول اور نقصان دہ خوراک سے بچنے کی تلقین کی گئی ہے۔

گھر کے بزرگ اکثر یہ کہتے تھے کہ ''جو چیز موسم میں ملے وہی کھاؤ''۔ جدید سائنس نے بھی اس بات کی تصدیق کردی ہے کہ موسمی غذا انسانی جسم کے لیے زیادہ فائدہ مند ہوتی ہے۔ ہر موسم کی غذا اس موسم کی بیماریوں اور ضروریات کے مطابق ہوتی ہے۔ اگر انسان قدرتی اصولوں کے مطابق زندگی گزارے تو بہت سی بیماریوں سے بچ سکتا ہے۔

گرمیوں میں آم، تربوز، فالسہ، کھیرا اور ٹماٹر جیسی غذائیں جسم میں ٹھنڈک پیدا کرتی ہیں۔ یہ جسم سے زہریلے مادے خارج کرنے میں مدد دیتی ہیں اور جلد کو تروتازہ رکھتی ہیں۔ اسی طرح سردیوں میں گاجر، مولی، پالک، سرسوں اور خشک میوہ جات جسم کو حرارت اور توانائی فراہم کرتے ہیں۔ ان غذاؤں کے مسلسل استعمال سے جسم مضبوط اور توانا رہتا ہے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی خوراک کے بارے میں سنجیدگی سے سوچیں۔ اگر ہم مصنوعی اور فاسٹ فوڈ کے بجائے موسمی پھلوں اور سبزیوں کو اپنی غذا کا حصہ بنائیں تو نہ صرف صحت مند رہ سکتے ہیں بلکہ آنے والی نسلوں کو بھی بہتر طرز زندگی دے سکتے ہیں۔ گھروں میں بچوں کو کوکنڈ ڈرنکس اور چپس کے بجائے تازہ پھل کھانے کی ترغیب دی جانی چاہیے۔ اسی طرح روزمرہ کھانوں میں سبزیوں کی مقدار بڑھانی چاہیے تاکہ جسم کو مکمل غذائیت حاصل ہوسکے۔ یہ حقیقت ہے کہ اچھی صحت کسی بھی انسان کی سب سے بڑی دولت ہے۔ اگر انسان صحت مند ہو تو زندگی کے تمام کام بہتر انداز میں انجام دے سکتا ہے۔

وادی کے لیل ونہار

پاکستان سے مذاکرات کی وکالت خوش آئندہ/ ڈاکٹر فاروق عبداللہ

سی این آئی/ آر ایس ایس کی طرف سے پاکستان کیساتھ مذاکرات کی بات سامنے آنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے صدر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ ''یہ ایک بہت بڑا اور مثبت قدم ہے کہ آر ایس ایس سربراہ نے پاکستان کے ساتھ مذاکرات کی ضرورت پر زور دیا ہے اور آج سابق آرمی چیف نے بھی اس مؤقف کی حمایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ آخرکار کچھ لوگ یہ سوچ رہے ہیں کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں بلکہ مسائل کا حل صرف بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ ہمیں اختلافات کو تصادم کے بجائے بات چیت کے ذریعے حل کرنا ہوگا، کیونکہ امن، استحکام اور عوام کی خوشحالی کا راستہ بھی یہی ہے۔ ایس کے آئی سی میں ایک تقریب کے حاشیے پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے صدر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے برکس میٹنگ سے متعلق پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ یہ خوشی کی بات ہے کی میٹنگ ہورہی ہے، مجھے اُمید ہے کہ مشرق وسطیٰ میں قیام امن کیلئے راستہ نکل آئے گا، مجھے اس بات پر بھی خوشی ہے کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اس وقت چین میں ہے اور مجھے اُمید ہے کہ چین بھی قیام امن کیلئے اپنا کردار نبھائے گا۔ وزیراعظم کی طرف سے کفایت شعاری کے پیغام اور گاڑیوں کے کاروان کو کم کرنے سے متعلق پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ملک توانائی کی کمی کی جانب بڑھ رہا ہے، اس کمی کیلئے کو برابر کرنے کیلئے ایسے اقدامات ضروری ہے اور ہر کسی کو اپنی گاڑیوں کا کاروان کم کرنا چاہئے۔

جموں سرینگر قومی شاہراہ پر تیز رفتاری کے خلاف نئی مشین کا استعمال

یو پی آئی/ جموں سرینگر قومی شاہراہ پر تیز رفتاری سے بڑھتے ہوئے سڑک حادثات نے ٹریفک پولیس کو ایک مرتبہ پھر سخت اقدامات اٹھانے پر مجبور کردیا ہے۔ تیز رفتار گاڑیوں کے بے قابو ہونے اور جان لیوا حادثات میں مسلسل اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹریفک پولیس نے سدھڑا جموں کے قریب جدید اسپیڈ ریڈار گنز نصب کردی ہیں، جن کے ذریعے شاہراہ سے گزرنے والی ہر گاڑی کی رفتار پر 24x7 کڑی نگرانی کی جارہی ہے۔ ایس ایس پی ٹریفک جموں امت باسن نے بتایا کہ قومی شاہراہ پر حد سے زیادہ رفتار اب ایک سنگین مسئلہ کی شکل اختیار کرچکی ہے۔ ان کے مطابق کئی ڈرائیور مقررہ رفتار کی پابندی نہیں کرتے، جس کے نتیجے میں حادثات کے امکانات کئی گنا بڑھ جاتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اب ٹریفک پولیس جدید ریڈار ٹیکنالوجی کے ذریعے ہر گاڑی کی رفتار ریکارڈ کررہی ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کو موقع پر روکے بغیر ای-چالان جاری کیے جارہے ہیں، تاکہ ٹریفک کے بہاؤ میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔

عالمی بحران کے باوجود جموں وکشمیر میں اشیائے ضروریہ کی کوئی قلت نہیں/ستیش شرما

یو پی آئی/ عالمی سطح پر جاری بحران اور کئی ممالک میں پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال کے تناظر میں جموں وکشمیر کے عوام میں ضروری اشیاء کی ممکنہ قلت کو لے کر جو بے چینی پائی جارہی تھی، اسے دور کرتے ہوئے جموں وکشمیر کے کابینہ وزیر ستیش شرما نے واضح کیا ہے کہ یونین ٹیریٹری میں کسی قسم کی قلت نہیں ہے اور تمام ضروری اشیاء کا معقول ذخیرہ موجود ہے۔ شوپیان میں ایک تقریب کے حاشیے پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے شرما نے کہا کہ حکومت پوری مستعدی سے حالات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے بتایا کہ متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کی گئی ہیں تاکہ ہر ضلع میں سپلائی چین کا تسلسل برقرار رہے اور لوگوں کو اشیائے خورونوش، ایندھن، ادویات اور دیگر ضروری سامان کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ وزیر کے مطابق جموں وکشمیر میں تمام ضروری اشیاء کا وافر ذخیرہ موجود ہے، لہٰذا عوام کو گھبرانے یا افواہوں پر یقین کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

سجاد لون کا این سی اور پی ڈی پی پر دوغلا پن اختیار کرنے کا الزام

یو این آئی/ پیپلز کانفرنس کے صدر اور کن اسمبلی سجاد لون نے نیشنل کانفرنس اور پی ڈی پی کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دونوں جماعتیں منشیات مخالف مہم اور مبینہ اسمگلروں کے خلاف انہدامی کارروائیوں پر عوام کو گمراہ کررہی ہیں۔ سجاد لون نے الزام لگایا کہ ان جماعتوں کی قیادت سرینگر میں بیٹھ کر سرکاری کارروائیوں کی مذمت کرتی ہے، جبکہ دیگر اضلاع میں ان کے ارکان اسمبلی لیفٹیننٹ گورنر کے بیانات کی تائید کرتے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا ''آج کے ڈیجیٹل دور میں سیاسی دوغلا پن چھپا نہیں رہ سکتا۔ این سی اور پی ڈی پی کے لیڈر سرینگر میں ایک بات کرتے ہیں اور کپواڑہ، بارہمولہ اور بڈگام جیسے اضلاع میں بالکل مختلف موقف اختیار کرتے ہیں۔ یہ عوام کے ساتھ مذاق ہے۔'' واضح رہے کہ پولیس نے 'نشہ مکت جموں وکشمیر' مہم کے تحت منشیات کے کاروبار سے وابستہ افراد کی رہائشی اور تجارتی املاک کو منہدم کرنا شروع کیا ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی منشیات کے تاجروں کو واضح پیغام دینے کے لیے ضروری ہے۔ حال ہی میں وزیر صحت سکینہ اِتو نے پولیس پر الزام لگایا کہ وہ اس مہم کا استعمال لوگوں کو نشانہ بنانے کے لیے کررہی ہے۔ اسی طرح آزاد رکن اسمبلی شیخ خورشید نے بھی کپواڑہ میں لیفٹیننٹ گورنر کے مارچ کا بائیکاٹ کرتے ہوئے اسے بے گناہ لوگوں کو ہراساں کرنے کا ذریعہ قرار دیا۔ سجاد لون نے ریاست میں شراب پر پابندی کے حوالے سے جاری بحث کو بھی 'سیاسی ڈرامہ' قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار میں رہتے ہوئے کسی بھی جماعت نے اس پر پابندی نہیں لگائی اور اب یہ محض انتخابی دھوکہ دہی ہے۔ مزید برآں مجید یہ مفتی کی جانب سے تاجروں میں رشوت خوری کے الزامات پر تبصرہ کرتے ہوئے سجاد لون نے طنزیہ انداز میں کہا ''تاجروں میں کرپشن اس سطح پر پہنچ چکی ہے کہ اب 'تاجروں' کو حکومت کی صنعتی پالیسی کا حصہ بنا دینا چاہیے۔

خبرونظر

جموں وکشمیر میں مصنوعی ذہانت مشن کا آغاز



یو این ایس/ جموں وکشمیر حکومت نے مختلف محکموں میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے استعمال کو فروغ دینے کیلئے محکمہ جاتی سطح پر افسران کے خصوصی گروپ تشکیل دے دیے ہیں۔ حکومت کے مطابق یہ اقدام ''انڈیا اے آئی مشن'' کے تحت کیا گیا ہے تاکہ سرکاری نظام میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو یقینی بنا کر عوامی خدمات میں بہتری لائی جاسکے۔ سرکاری حکم نامے کے مطابق یوٹی سطح کی اسٹیئرنگ کمیٹی برائے مصنوعی ذہانت کے 7 اپریل 2026 کو منعقدہ اجلاس کے فیصلوں کے بعد مختلف محکموں کیلئے افسران کے گروپ تشکیل دیے گئے ہیں۔

ان گروپوں کا مقصد دستیاب ڈیجیٹل نظام اور ڈیٹا کی مدد سے اے آئی پر مبنی منصوبوں کو مقررہ مدت میں عملی جامہ پہنانا ہے تاکہ زمینی سطح پر بہتر نتائج حاصل کئے جاسکیں۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ میں اے آئی کے ذریعے زمین، اثاثوں اور بنیادی ڈھانچے کی نگرانی کی جائے گی جبکہ سٹالائٹ ڈیٹا کی مدد سے سڑکوں، آبی نظام اور تجاوزات کی نگرانی ممکن بنائی جائے گی۔ محکمہ عوامی شکایات میں اے آئی پر مبنی شکایتی ازالہ نظام قائم کیا جائے گا جس کے ذریعے عوامی شکایات کی درجہ بندی، ترجیحی بنیادوں پر نمٹارا اور پالیسی میں بہتری لائی جائے گی۔

محکمہ صحت وطبی تعلیم میں اے آئی کی مدد سے بیماریوں کی نگرانی، علامات کی جانچ، ادویات سے متعلق رہنمائی اور صحت خدمات کی پیش گوئی پر مبنی نظام متعارف کیا جائے گا۔ اسکولی تعلیم کے شعبے میں طلبہ کی تعلیمی کمزوریوں کی نشاندہی، پریکٹس میٹریل کی تیاری اور مختلف زبانوں میں تدریسی معاونت کیلئے اے آئی کا استعمال کیا جائے گا۔ ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ریلیف، بازآبادکاری وتعمیر نو محکمہ میں سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور برفانی تودوں سے متعلق قبل از وقت انتباہی نظام قائم کیا جائے گا، جبکہ محکمہ ہنرمندی ترقی میں نوجوانوں کیلئے روزگار اور مہارتوں کی مطابقت کا اے آئی نظام تیار کیا جائے گا تاکہ ملازمتوں، اپرنٹس شپ اور سرکاری اسکیموں تک رسائی بہتر بنائی جاسکے۔ محکمہ زراعت میں باغبانی، فصلوں کی منصوبہ بندی، کیڑوں اور بیماریوں سے متعلق انتباہ اور مویشیوں کی صحت کی نگرانی کیلئے اے آئی پر مبنی نظام تیار کیا جائے گا۔

محکمہ خزانہ میں مالیاتی تجزیہ، دھوکہ دہی کی نشاندہی، محصولات اور اخراجات کی نگرانی جبکہ محکمہ بجلی میں لوڈ پیش گوئی، بجلی کی بندش، نقصانات میں کمی اور بنیادی ڈھانچے کی نگرانی کیلئے اے آئی کا استعمال ہوگا۔ اسی طرح ٹریفک اور روڈ سیفٹی شعبے میں سڑک حادثات کی شناخت، اصلاحی اقدامات، ٹریفک قوانین کے نفاذ اور عوامی بیداری کیلئے اے آئی پر مبنی نگرانی کا نظام قائم کیا جائے گا۔

حکومت نے تمام گروپوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ دس دن کے اندر ایک یا دو قابل عمل منصوبوں کو حتمی شکل دیں، ڈیٹا کی دستیابی اور نظامی تقاضوں کا جائزہ لیں اور مقررہ مدت کے اندر عملی منصوبہ تیار کریں۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ تمام محکمے قابل پیمائش نتائج، بہتر خدمات، نگرانی کے موثر نظام اور ڈیٹا سیکورٹی کو یقینی بنائیں گے۔

جموں میں GBHSS گاندھی نگر کا نام تبدیل کرنے کی تقریب

وزیر برائے تعلیم، سماجی بہبود، صحت وطبی تعلیم محکمہ جات سکینہ اِتو نے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول (جی بی ایچ ایس ایس) گاندھی نگر جموں کا نام تبدیل کرکے ''شری کلدیپ کمار بڈیال میموریل گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول گاندھی نگر'' رکھنے کے سلسلے میں منعقدہ ایک شاندار تقریب کی صدارت کی۔ اس موقعہ پر رُکن اسمبلی باہو وکرم رندھاوا، ضلع ترقیاتی کمشنر جموں ڈاکٹر راکیش منہاس، ڈائریکٹر سکولی تعلیم جموں نسیم جاوید چودھری، ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز جموں پونم سینگھی، آنجہانی شری کلدیپ کمار بڈیال کے اہل خانہ، ادارے کے فیکلٹی ممبران اور طلباً کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

وزیر تعلیم سکینہ اِتو نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آنجہانی ماہر تعلیم کو شاندار خراج عقیدت پیش کیا اور انہیں ایک دُور اندیش شخصیت قرار دیا جن کی لگن اور عزم نے ضلع کے تعلیمی منظرنامے پر انمٹ نقوش چھوڑے۔ اُنہوں نے کہا کہ ادارے کو شری بڈیال کے نام سے منسوب کرنا ان کی بے لوث خدمات اور بے شمار طلباً کے مستقبل کو سنوارنے کے لئے کی گئی انتھک کوششوں کا ایک موزوں خراج تحسین ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گزشتہ برس اِدارے میں آنجہانی شری کلدیپ کمار بڈیال کے مجسمے کی نقاب کشائی کرتے ہوئے اس ادارے کا نام تبدیل کرنے کا فیصلہ لیا تھا۔ وزیر موصوفہ نے کہا کہ شری کلدیپ کمار بڈیال جیسے اساتذہ معاشرے کے لئے مشعل راہ ہوتے ہیں اور اپنی عظیم خدمات کے ذریعے نسلوں کو متاثر کرتے رہتے ہیں۔ اُنہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ حکومت تعلیمی شعبے کو مضبوط بنانے اور سماجی وتعلیمی ترقی میں نمایاں کردار اَدا کرنے والی شخصیات کی میراث کو محفوظ رکھنے کے لئے پُرعزم ہے۔

اِس موقعہ پر رُکن قانون ساز اسمبلی باہو وکرم رندھاوا اور دیگر معززین نے بھی خطاب کیا۔ اُنہوں نے معیاری تعلیم کے فروغ اور نوجوان ذہنوں کی خلوص ولگن کے ساتھ رہنمائی میں آنجہانی شری بڈیال کے گرانقدر کردار کو یاد کیا۔ دوران تقریب وزیر تعلیم نے آنجہانی شری کلدیپ کمار بڈیال کے اعزاز میں اِدارے کے نئے نصب کردہ نام بورڈ کی بھی نقاب کشائی کی۔ اُنہوں نے آنجہانی پرنسپل کے مجسمہ پر گل دائرے بھی چڑھائے۔

چین نے سفارتی تکنیک سے مارکو روبیو کو بیجنگ داخلے کی اجازت دے دی

بیجنگ، 14 مئی (یواین آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو چین میں داخلے پر عائد پابندی کے باوجود ایک سفارتی تکنیک کے ذریعے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ہمراہ بیجنگ پہنچ گئے۔ عرب نیوز چینل الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق چین نے روبیو کے ہم میں تکنیکی تبدیلی کرتے ہوئے انہیں سرکاری دستاویزات میں "مارکو لو" کے طور پر درج کیا۔ رپورٹ کے مطابق اس تبدیلی نے بیجنگ کو یہ موقع فراہم کیا کہ پابندیاں باضابطہ طور پر برقرار رکھتے ہوئے بھی امریکی وزیر خارجہ کو ملک میں داخل ہونے دے۔ چینی حکام نے روبیو کے ہم کے پہلے حصے کو ایک مختلف چینی حرف سے نقل کیا، جس کے نتیجے میں ان کا نام "لو" کے طور پر ظاہر ہوا۔ رپورٹس کے مطابق اس سفارتی طریقہ کار کے ذریعے چین نے اپنی سابقہ پابندیوں کو ختم کیے بغیر مارکو روبیو کو خوش آمدید کہا۔ واضح رہے کہ چین نے مارکو روبیو پر اس وقت پابندیاں عائد کی تھیں جب وہ امریکی سینیٹر تھے۔ جنوری 2025 میں امریکی وزیر خارجہ کا عہدہ سنبھالنے سے کچھ عرصہ قبل ہی چینی میڈیا اور حکومت نے ان کے نام کی نئی فہرست استعمال کرنا شروع کر دی تھی۔ رپورٹس کے مطابق مارچ میں چینی وزارت خارجہ نے اشارہ دیا تھا کہ اگر مارکو روبیو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ہمراہ سربراہی اجلاس میں شریک ہوں تو ان پابندیوں میں نرمی کی جا سکتی ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان لن جیان نے اس وقت کہا تھا کہ چین کی پابندیاں مارکو روبیو کے ان بیانات اور اقدامات کے باعث لگائی گئی تھیں جو انہوں نے امریکی سینیٹ میں اپنے دور کے دوران چین کے حوالے سے اختیار کیے تھے۔

امریکی سماعت میں اپلسٹین کیس کی متاثرہ خواتین کے اہم انکشافات

واشنگٹن، 14 مئی (یواین آئی) سزا یافتہ جنسی مجرم جیفری اپلسٹین کی جانب سے مبینہ بدسلوکی اور استحصال کا نشانہ بننے والی ایک خاتون نے پہلی بار عوامی سطح پر انکشاف کیا ہے کہ اپلسٹین نے انہیں برسوں تک زیادتی کا نشانہ بنایا۔ ازبکستان سے تعلق رکھنے والی روزا نامی خاتون نے امریکی ایوان نمائندگان کے ڈیموکریٹ ارکان کی جانب سے منعقدہ ایک سماعت میں دیگر متاثرہ خواتین کے ساتھ شرکت کرتے ہوئے اپنی کہانی بیان کی۔ روزا کے مطابق انہیں اپلسٹین کے قریبی ساتھی اور ماڈلنگ ایجنٹ جیلوک بروئیل نے اُس وقت بھرتی کیا تھا جب وہ ٹین ایج تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ جولائی 2009 میں بروئیل نے ان کا تعارف جیفری اپلسٹین سے کروایا، جس کے بعد اپلسٹین نے مالی مسائل میں مدد کے بہانے کام کی پیشکش کی اور پھر تین برس تک انہیں ریپ کا نشانہ بنایا۔ یہ سماعت ویسٹ پام بیچ میں منعقد کی گئی، جہاں ڈیموکریٹ قانون ساز رابرٹ گارسیا کے مطابق اپلسٹین کے جرائم پہلی بار منظرِ عام پر آئے تھے۔ رپورٹس کے مطابق سماعت کی جگہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی رہائش گاہ مار-اے-لاگو کے قریب بھی واقع ہے۔ رپبلکن اکثریت والی کمیٹی نے سماعت کے دوران ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے اپلسٹین فائلز کے معاملے سے نمٹنے کے طریقہ کار کا بھی جائزہ لیا۔ اگرچہ اس سماعت کو قانونی اختیارات حاصل نہیں، تاہم مبصرین کے مطابق اس کا مقصد اپلسٹین کیس اور متاثرین کے الزامات کو دوبارہ عوامی توجہ کا مرکز بنانا تھا۔

ٹرمپ نے چینی صدر کو عظیم رہنما قرار دیتے ہوئے کہا ہمارا مستقبل ایک ساتھ شاندار ہوگا

بیجنگ، 14 مئی (یواین آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور چین کے صدر شی جن پنگ کے درمیان عظیم عوامی ہال میں اہم سربراہی اجلاس تقریباً دو گھنٹے چند منٹ تک جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہو گیا۔ رپورٹ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے ملاقات کے آغاز میں تقسیم کے بجائے اتحاد کی فضا قائم کرنے پر زور دیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دوطرفہ تعلقات کے مستقبل کے حوالے سے بھرپور امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ سربراہی اجلاس ایک نئے تعمیری دور کا آغاز ثابت ہو سکتا ہے جس میں واشنگٹن اور بیجنگ کے تعلقات اپنی مضبوط ترین سطح پر ہوں گے۔ ٹرمپ نے کہا، "ہمارا مستقبل ایک ساتھ شاندار ہوگا"۔ انہوں نے چینی صدر کو "عظیم رہنما" قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے ساتھ ہونا اور دوستی رکھنا ان کے لیے اعزاز کی بات ہے۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ چین اور امریکہ کے تعلقات پہلے سے کہیں زیادہ بہتر اور مضبوط ہوں گے۔ دوسری جانب چینی صدر شی جن پنگ نے کہا کہ امریکہ کے ساتھ تعلقات کو شراکت داری کی بنیاد پر استوار ہونا چاہیے اور دونوں ممالک مل کر کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین اور امریکہ کے تعلقات میں استحکام پوری دنیا کے لیے فائدہ مند ہے، جبکہ تعاون دونوں ممالک کے لیے مفید اور تصادم نقصان دہ ثابت ہوگا۔ شی جن پنگ کے مطابق دونوں ممالک کو حریف نہیں بلکہ شراکت دار بننا چاہیے تاکہ بڑی طاقتوں کے تعلقات کا ایک نیا اور بہتر ماڈل قائم کیا جا سکے۔ چینی صدر نے کہا کہ چین اور امریکہ کے درمیان مشترکہ مفادات اختلافات سے کہیں زیادہ ہیں اور ایک ملک کی کامیابی دوسرے کے لیے بھی مواقع پیدا کرتی ہے۔

فجیرہ کے قریب نامعلوم افراد نے جہاز ہائی جیک کرلیا

دبئی، 14 مئی (یواین آئی) برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز اتھارٹی نے اعلان کیا ہے کہ متحدہ عرب امارات کے ساحل کے قریب ایک جہاز کو نامعلوم افراد نے قبضے میں لے کر ایران کے علاقائی پانیوں کی جانب منتقل کر دیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ جمعرات کو آبنائے ہرمز کے قریب پیش آیا، جہاں ایران کی سخت نگرانی برقرار ہے۔

Government of Jammu & Kashmir
Agriculture Production & Farmers Welfare Department, Kashmir
Announces

SALE

of

SUMMER FLOWER PLANTING MATERIAL

S. No	Planting material	Quality	Remarks
1.	Annual Seedlings	Hybrids Open Pollinated	Available at Govt. approved/Subsidized Rates
2.	Potted Plants	Imported Technically Propagated	
3.	Rooted Plants	Polybagged without Polybags	

&

Much more,
at all Farms/Outlets of
Floriculture Development Scheme
Lalmandi, Srinagar Kashmir.
From : 18/05/2026

DIPK-1281/26
Dated: 14/05/2026

GOVERNMENT OF JAMMU AND KASHMIR

DIRECTORATE OF HORTICULTURE, KASHMIR

Rajbagh, Srinagar, opposite Presentation Convent School -190008
TELEFAX: 01942311287/2311484 website: http://hortikashmir.gov.in

ADVISORY FOR HAIL AFFECTED ORCHARDS

In view of continuous rains and hailstorms in various areas of the valley the orchardists are advised to follow the below mentioned recommendations for management of fruit crops.

Apple/Pear:

" The hail affected orchards be immediately sprayed with the following fungicides (per 100 litre of water):
¢ Zineb 68% + Hexaconazole 4% 72 WP (125 g) or
¢ Propanib 70WP (300 g) or
¢ Dodine 65 WP (60 g) or
¢ Fluxapyroxad 75g/l + Difenaconazole 50g/l SC (30ml)
" Prioritize drainage of excess water to prevent root and collar rot etc.
" After a gap of 3 days, spray Urea @ 0.2% (200 g per 100 litre of water).
" Remove the fallen fruitlets and leaves from the orchards immediately.

Plum/Peach:

¢ Carbendazim 12% + Mancozeb 63% 75 WP (250g) or
¢ Thiophanate Methyl 70WP (50g)
" Remove the fallen fruitlets and leaves from the orchards immediately.

Issued in Public Interest by: -
Horticulture Information and Publication Officer Kashmir,
Rajbagh Srinagar

DIPK-1300/26
Dated: 14/05/2026

Government of Jammu & Kashmir

Housing & Urban Development Department

Civil Secretariat, Jammu/Srinagar

NOTIFICATION

SRINAGAR, 7th May, 2026

S.O.134:- WHEREAS, section 427 of the Jammu and Kashmir Municipal Corporation Act, 2000, provides as under:-

"427. Power to remove difficulties. If any difficulty arises in giving effect to the provisions of this Act or by reasons of anything contained in this Act to any other enactment for the time being in force, the Government may, as occasion requires, by order direct that this Act shall during such period as many be specified in the order but not extending beyond the expiry of two years from the commencement orders have effect subject to such adaptations whether by way of modification addition or omission as it may deem to be necessary and expedient."

WHEREAS, section 5 of the Jammu and Kashmir Municipal Corporation Act, 2000 provides for the duration of the Corporation, which provides as under:-

"5. Duration of the Corporation. (1) The Corporation, unless sooner dissolved under section 404 of this Act, shall continue for five years from the date appointed for its first meeting.

(2) An election to constitute the Corporation shall be completed -

(a) before the expiry of its duration specified in sub-section (1);

(b) before the expiration of a period of six months from the date of its dissolution:

Provided that where the remainder of the period for which the dissolved Corporation would have continued is less than six months, it shall not be necessary to hold any election under this section for constituting the Corporation for such period:

Provided further that the first election to a Corporation constituted after the commencement of the Act shall be held within a period of two years of its constitution."

WHEREAS, the respective terms of elected representatives of Municipal Corporation, Srinagar and Municipal Corporation, Jammu have expired and as on today there is no authority to exercise powers of these Corporations.

WHEREAS, a difficulty has arisen in implementing the provisions of the Act for the purpose of smooth administration and providing better services to public at large;

NOW THEREFORE, in exercise of the powers conferred under section 427 of the Jammu and Kashmir Municipal Corporation Act, 2000, the Government hereby makes the following order; namely: -

2. Short title and commencement:- (1) This order may be called the Jammu and Kashmir Municipal Corporation (Removal of Difficulties) Order, 2026.

(2) It shall be deemed to have come into force with effect from 30th of November 2025 and shall remain in force for a period of two years or till it is revoked by the Government, whichever is earlier.

3. Removal of Difficulties: The difficulties arisen on account of expiry of the term of elected representatives of Jammu Municipal Corporation and Srinagar Municipal Corporation and in giving effect to section 5 of the Jammu and Kashmir Municipal Corporation Act, 2000 are hereby removed by appointing Commissioner of Jammu Municipal Corporation and Srinagar Municipal Corporation as Administrators of the respective Corporations for a term of two years or until the establishment of the Corporation, whichever is earlier, and they shall exercise the functions and duties of the Corporation(s) as provided under the Act.

By Order of the Government of Jammu and Kashmir.

Sd/- (Mandeep Kaur) IAS
Commissioner/Secretary to the Government

DIPK-1286/26 | Dated: 14/05/2026

Governmet of Jammu and Kashmir

OFFICE OF THE EXECUTIVE OFFICER MUNICIPAL COMMITTEE KUNZER

PUBLIC NOTICE

All residents, contractors, builders, developers, shopkeepers, and the general public within the jurisdiction of Municipal Committee Kunzer are hereby informed of the following directives regarding Construction and Demolition (C&D) waste management:

1. Proper Waste Management

All construction agencies, contractors, and individuals engaged in construction, renovation, demolition, or repair activities must ensure the safe handling, collection, transportation, and disposal of C&D waste in strict compliance with municipal norms and environmental regulations.

2. Prohibition of Dumping

Dumping of construction materials, debris, earth, bricks, sand, aggregates, or any other waste on roads, drains, footpaths, public spaces, or municipal land is strictly prohibited.

3. Site Safety Measures

All construction sites must be adequately covered or barricaded during execution of works to prevent dust, debris, and environmental pollution from affecting adjoining areas.

4. Use of Recycled Materials

Builders, contractors, and executing agencies are encouraged to adopt and utilize recycled or recovered C&D waste products wherever feasible in construction activities.

5. Legal Consequences

Any person or agency found violating these instructions or causing environmental nuisance, obstruction, or improper disposal of C&D waste will be subject to legal action under applicable Municipal Laws/Rules, including the imposition of fines and penalties.

The cooperation of the general public and all stakeholders is earnestly solicited to uphold cleanliness, safeguard public convenience, and protect the environment.

Sd/-Executive Officer,
Municipal Committee, KUNZER

Subject: Enforcement of legal provisions and penalties for covering of construction sites.

PUBLIC NOTICE

This notification is issued under the powers vested in the Municipal Committee Kunzer by:

" The Solid Waste Management Rules, 2016

All construction sites within the jurisdiction of MC Kunzer shall:

1. Be enclosed with green netting or fencing to prevent dust and debris dispersion.
2. Store sand, soil, and loose materials under tarpaulin sheets.
3. Install water sprinkling arrangements to suppress dust.

Violation	Penalty
Failure to cover site with nets	Rs. 5,000 fine + stop-work notice
Uncovered debris or sand	Rs. 2,000 fine per day
Illegal dumping of waste	Prosecution under SWM Rules
Repeat violations	Suspension of building permit

This notification comes into force immediately and applies to all ongoing and future construction projects within MC Kunzer limits.

Sd/- Executive Officer,
Municipal Committee,
KUNZER

DIPK-NB-492/26 | Dated: 14/05/2026

J&K Handicrafts (S&E) Corporation

Residency Road, Emporium Building, Srinagar
Udyog Bhawan, Rail Head Complex, Jammu.
E-mail: jkhckgae.jk@jk.gov.in website: www.jkhsec.com
Srinagar Office Phone No:0194~2479825,2486927 Fax No-2452376
Jammu Office Phone No.0191-2477694 Fax No.2475705.

No: JKHC/Mktg/2026-27/39 Date:14/05/2026

EXPRESSION OF INTEREST

J&K Handicrafts (S&E) Corporation, Emporium Buildings, Residency Road, Srinagar invites Expression of Interest from the interested Artisans/Craft persons/firms of UT of J&K dealing with the making & selling of genuine Handmade Traditional Jewellery products for display and sale of the same at its Showroom as mentioned below. The Artisans/ Craft person/Firm shall be allotted space at five branches of Kashmir Government Arts Emporium

Name of the Showroom under the name & style "Kashmir Government Arts Emporium"	Name of the Craft	Minimum Sales Target (In Lacs) Annually
A-7 Baba Kharak Singh Marg, New Delhi	Traditional jewellery	70.00 or 20% of the Sales Target
Srinagar Main Showroom Residency Road opposite to TRC ground.	Traditional jewellery	70.00 or 20% of the Sales Target
Boulevard Showroom at gate no 03.	Traditional jewellery	60.00 or 20% of the Sales Target
Jammu Main Showroom residency road near Hotel KC.	Traditional jewellery	50.00 or 20% of the Sales Target
Lal chowk Showroom near Ghanta Ghar	Traditional jewellery	50.00 or 20% of the Sales Target

The consignment arrangement will be valid for a period of three years from the date of allotment of the arrangement with yearly increase of 5% from 2nd year. 2% of the bid amount should be accompanied with EOI in shape of CDR pledged to Financial Advisor & Chief Accounts Officer, J&K Handicrafts (S&E) Corporation, Residency Road, Srinagar which should reach the office of Managing Director, J&K Handicrafts (S&E) Corporation Srinagar within 7 days upto 2.00 PM from the date of publication of this EOI.

The tenders received will be opened on the same day at 3.00 PM by the Committee in presence of the tenderer/s who may wish to be present during the tender opening process. In case of reasons beyond the control of management, holiday or any other unfavourable circumstances the tenders will be opened on the next working day.

Tender without CDR shall not be entertained. The tenders are to be submitted in sealed envelope with super-scribed with NIT No, CDR and Copy of registration.

The Terms & Conditions can be had from the office of Financial Advisor & Chief, J&K Handicrafts (S&E) Corporation, Residency Road Srinagar during office hours on all working days. The Managing Director J&K Handicrafts (S&E) Corporation reserves the right to accept or reject any or all tender/s without assigning any reasons thereof.

Financial Advisor/Chief Accounts Officer
JKHC

DIPK-NB-495/26
Dated: 14/05/2026

JAMMU AND KASHMIR PUBLIC SERVICE COMMISSION

SOLINA, SRINAGAR/RESHAM GHAR COLONY, BAKSHI NAGAR, JAMMU.
website:http://jkpsc.nic.in

Subject: - Conduct of J&K Prosecuting Officer (Main) Examination in J&K Home Department.

NOTICE

Dated:-12-05-2026

It is hereby notified that the J&K Prosecuting Officer (Main) Examination in the J&K Home Department notified vide Notification No. 13- PSC (DR-P) of 2025 dated 10.11.2025, is tentatively scheduled to be held from 06.07.2026, onwards.

The detailed date Sheet shall be notified separately.

(SachinTanwal) JKAS (Controller of Examinations,)
J&K Public Service Commission.

DIPK-1284/26 | Dated: 14/05/2026

دہلی جہاں ملازمین ہفتے میں دو دن گھر سے کام کریں گے

نئی دہلی/ یو این آئی/ دہلی حکومت نے ایندھن کی بچت کے پیش نظر اپنے ملازمین کے لیے ہفتے میں دو دن 'ورک فرام ہوم' (گھر سے کام) کا انتظام کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں کچھ دیگر اقدامات کا بھی اعلان کیا ہے۔ حکومت نے دہلی میں ایندھن کی بچت، آلودگی میں کمی اور 'میڈ ان انڈیا' کو فروغ دینے کے مقصد سے "میرا بھارت، میرا یوگدان" مہم کے تحت ایک جامع دہلی 'ایکشن پلان' جاری کیا ہے۔ اس کے تحت سرکاری ملازمین کے لیے گھر سے کام کرنے، آن لائن میٹنگز اور پبلک ٹرانسپورٹ کے استعمال جیسے کئی اہم اقدامات کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی نجی شعبے کو بھی مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اپنے ملازمین کے لیے ہفتے میں دو دن گھر سے کام کرنے کا انتظام کریں۔ سرکاری دفاتر کے اوقات کار الگ الگ کرنے اور پیر کو "میٹرو ڈے" منانے کی بات بھی کی گئی ہے تاکہ لوگ زیادہ سے زیادہ پبلک ٹرانسپورٹ کا استعمال کریں۔ ایکشن پلان میں "نو وہیکل ڈے" کی بھی تجویز ہے، جس کے تحت سرکاری ملازمین اور شہریوں کو نجی گاڑیوں کا کم استعمال کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔ الیکٹرک، سی این جی اور ہائبرڈ گاڑیوں کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ملازمین کو ڈی ٹی سی اور پبلک ٹرانسپورٹ کے استعمال پر اضافی مراعات دینے کا منصوبہ بھی شامل ہے۔

سکینہ ایتو نے گورنمنٹ ایس پی ایم آر کالج آف کامرس، جموں میں

"نئے ورلڈ آرڈر میں کاروبار، معاشرے اور ثقافت کی تدبیر" پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کیا

جموں 14 مئی // وزیر برائے صحت اور طبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم محترمہ سکینہ ایتو نے آج یہاں گورنمنٹ ایس پی ایم آر کالج آف کامرس جموں میں "نئے عالمی نظام میں کاروبار، معاشرے اور ثقافت کی تدبیر" کے موضوع پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ایم ایل اے جموں ایسٹ یودھویر سیٹھی، کلسٹر یونیورسٹی جموں کے وائس چانسلر، ڈائریکٹر کالجز، ڈائریکٹری ای سی، یو جی سی، پرنسپل ایس پی ایم آر کالج، کلسٹر یونیورسٹی جموں کے مختلف فیکلٹیوں کے ڈینز، جموں ڈویژن بھر کے مختلف سرکاری ڈگری کالجوں کے پرنسپل اور سابق پرنسپلز، سینئر ماہرین تعلیم، دانشور، انتظامی افسران اور اعلیٰ تعلیم، تحقیق اور پبلک ایڈمنسٹریشن کے شعبوں سے تعلق رکھنے والے دیگر معززین، کالج کے فیکلٹی ممبران اور طلباء کی بڑی تعداد موجود تھی۔ کانفرنس میں ملک اور بیرون ملک کے نامور ماہرین تعلیم، پالیسی ساز، منتظمین، محققین، صنعت کے ماہرین نے بھی شرکت کی۔ افتتاح سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے ایک جامع، ترقی پسند اور جدت پر مبنی معاشرے کی تعمیر میں تعلیم کے تبدیلی کے کردار پر زور دیا۔ انہوں نے تعلیمی اداروں کیلئے اخلاقی قیادت، سماجی ذمہ داری اور عالمی تناظر کو فروغ دینے کی فوری ضرورت پر روشنی ڈالی تاکہ نئے عالمی نظام کے ابھرتے ہوئے چیلنجوں کو موثر طریقے سے حل کیا جا سکے۔ وزیر نے بدلتے ہوئے عالمی حقائق کے درمیان پائیدار ترقی، جامع ترقی اور ثقافتی اقدار کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے باہمی تعاون پر مبنی سوچ اور اختراعی طریقوں کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے گورنمنٹ ایس پی ایم آر کالج آف کامرس کی کوششوں کو سراہا جس کا مقصد عالمی اہمیت کے مسائل پر بامعنی بات چیت کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ وزیر موصوف نے کانفرنس خلاصہ کتاب بھی جاری کی جس میں مختلف اداروں کے ماہرین تعلیم اور محققین کی جانب سے پیش کی گئی متنوع علمی شراکتوں اور تحقیقی بصیرت کی نمائش کی گئی۔ دو دنوں کے دوران کانفرنس تکنیکی سیشنز، پینل مباحثوں اور علمی تبادلات کی میزبانی کرے گی جو شرکاء کے درمیان فکری تبادلے اور بین الضابطہ تعاون کو فروغ دینے کیلئے بنائے گئے ہیں۔

وکست بھارت 2047 کی بنیاد صحت مند بھارت کے حصول میں مضمر ہے۔ ہیلتھ سکریٹری

نئی دہلی 14 مئی (ایم این این) مرکزی صحت سکریٹری پونیہ سلیلا شریواستو نے آج جواہر لال انسٹی ٹیوٹ آف پوسٹ گریجویٹ میڈیکل ایجوکیشن اینڈ ریسرچ میں نرسنگ اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کورسز کے 12ویں کانووکیشن سے خطاب کیا، جو کہ وزارت صحت اور خاندانی بہبود کے تحت قومی اہمیت کا ایک ادارہ ہے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ پونیہ سلیلا سریواستو، مرکزی صحت سکریٹری، حکومت ہند نے کانووکیشن کو فارغ التحصیل طلباء کی زندگیوں میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے ان پر زور دیا کہ وہ اپنے پیشہ ورانہ سفر کو خدمت، ہمدردی اور قوم کی تعمیر کے لیے وقف کریں، یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ ان کی شراکتیں ملک کے صحت کی دیکھ بھال کے نظام کے مستقبل کو نمایاں طور پر تشکیل دے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جواہر لال انسٹی ٹیوٹ آف پوسٹ گریجویٹ میڈیکل ایجوکیشن اینڈ ریسرچ کے فارغ التحصیل ہونے کے ناطے، وہ عزم، قابلیت اور اخلاقی خدمت کی میراث کو آگے بڑھاتے ہیں، جسے ان کی پیشہ ورانہ زندگیوں میں برقرار رکھا جانا چاہیے۔ ہندوستان کے صحت عامہ کے نظام کے رہنما اصولوں پر روشنی ڈالتے ہوئے، اس نے قومی صحت کی پالیسی 2017 کا حوالہ دیا، جس میں ایک جامع نقطہ نظر کا تصور کیا گیا ہے جس میں روک تھام، پروموشنل، علاج، بحالی، اور صحت کی دیکھ بھال شامل ہے۔ اس نے نوٹ کیا کہ ہر فارغ التحصیل طالب علم صحت کی دیکھ بھال کی فراہمی کے ان اہم جہتوں میں سے ایک یا زیادہ کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ صحت کی دیکھ بھال میں ہندوستان کی بڑھتی ہوئی عالمی مصروفیت کو اجاگر کرتے ہوئے، اس نے نوٹ کیا کہ حکومت اٹلی، برطانیہ اور فرانس جیسے ممالک کے ساتھ شراکت داری میں داخل ہو رہی ہے، جس سے ہندوستانی صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد کو عالمی سطح پر خدمات انجام دینے کے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ انہوں نے گریجویٹس کو صحت کی دیکھ بھال کے عالمی منظر نامے میں ہندوستان کے سفیر کے طور پر بیان کیا۔ اپنے خطاب کو ختم کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ جیسے ہی ہندوستان وکست بھارت 2047 کے وژن کی طرف بڑھ رہا ہے، اس کی بنیاد صحت مند بھارت کے حصول پر ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ گریجویشن کرنے والا گروپ اس وژن کو عملی جامہ پہنانے میں ایک تبدیلی کا کردار ادا کرے گا اور قوم کو ایک صحت مند اور زیادہ ترقی یافتہ مستقبل کی طرف لے جائے گا۔

بھارت کے ایف ٹی اے پیکیجنگ سیکٹر کے لیے بڑے مواقع پیدا کرتے ہیں۔ جتین پرساد

نئی دہلی 14 مئی (ایم این این) تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر مملکت جتن پرساد نے جمعرات کو کہا کہ ترقی یافتہ معیشتوں کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدوں (FTAs) کا ہندوستان کا بڑھتا ہوا نیٹ ورک ملک کے پیکیجنگ سیکٹر کے لیے بڑے مواقع پیدا کر رہا ہے کیونکہ ہندوستانی مصنوعات کی عالمی سطح پر مانگ بڑھ رہی ہے۔ ممبئی میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف پیکیجنگ کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات کے موقع پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے، پرساد نے کہا کہ پیکیجنگ تیزی سے اہم ہوتی جارہی ہے کیونکہ ہندوستان نے عالمی تجارت اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں اپنا کردار مضبوط کیا ہے۔ پرساد نے کہا "مختلف آزاد تجارتی معاہدوں کے ذریعے جن پر ترقی یافتہ دنیا کے ساتھ دستخط کیے گئے ہیں، اور ہندوستان کے ساتھ ٹیکنالوجی، AI اور کئی ابھرتے ہوئے شعبوں جیسے شعبوں میں انتہائی اہم کردار ادا کر رہا ہے، پیکیجنگ بہت اہم ہو گئی ہے" وزیر نے کہا کہ ہندوستان تمام شعبوں میں عالمی معیار کی مصنوعات تیار کر رہا ہے، اور پیکیجنگ اس کی عالمی رسائی اور قبولیت کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا، چاہے یہ ہمارے زرعی اجناس، دفاعی مصنوعات، کیمیکل، دوا سازی یا ایف ایم سی جی مصنوعات ہوں، ہندوستان تمام شعبوں میں عالمی معیار کی مصنوعات تیار کر رہا ہے اور اس میں پیکیجنگ کا بہت اہم حصہ ہے۔" پرساد نے کہا کہ پیکیجنگ سیکٹر کو وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں مضبوط پالیسی توجہ مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیکیجنگ کا شعبہ انتہائی اہم ہے اور وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں اس پر بھرپور توجہ دی جارہی ہے۔

شانتی ایکٹ کے قوانین آنے والے ہفتوں میں نافذ کیے جائیں گے۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ

نئی دہلی 14 مئی (ایم این این) مرکزی وزیر مملکت (آزادانہ چارج) جتیندر سنگھ نے کہا کہ مجوزہ شانتی ایکٹ کے تحت قوانین آنے والے ہفتوں یا مہینوں میں نافذ کیے جانے کی امید ہے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ حکومت اب ایک ایسے ماڈل کی طرف بڑھ رہی ہے جہاں صنعت تحقیق کی ترجیحات اور اختراعی فنڈنگ کی تشکیل میں بڑا کردار ادا کرے گی۔ جتیندر سنگھ نے کہا، اگلا سنگ میل چند ہفتوں یا چند ماہ بعد ہونے والا ہے جب شانتی ایکٹ کے قوانین کو نافذ کیا جائے گا۔ ایک بار پھر ہمیں صنعت میں اسی طرح کے جوش و جذبے کی ضرورت ہوگی۔ شانتی ایکٹ ہندوستان کے جوہری توانائی کے شعبے میں نجی اور غیر ملکی شراکت کو بڑھانے کے لیے ڈیزائن کردہ اہم ترامیم متعارف کراتا ہے۔ جوہری آپریٹرز کے لیے ذمہ داری کے فریم ورک کو واضح کرتا ہے۔ بھارت۔امریکہ سول نیوکلیئر معاہدے کی دیرینہ صلاحیت کو عملی جامہ پہنانا بھارت کا ہدف 2047 تک 100 گیگا واٹ جوہری توانائی پیدا کرنا ہے، موجودہ 8-9 گیگا واٹ کے مقابلے اور شانتی ایکٹ بھارت کو اس ہدف کو حاصل کرنے میں مدد کرے گا۔ وزیر نے نوٹ کیا کہ حکومت نے پہلے ہی صنعت کے اسٹیک ہولڈرز کو پالیسی سازی اور اختراعی منصوبہ بندی میں براہ راست شامل کرنا شروع کر دیا ہے۔ "درحقیقت، میں یہ کہنے کی حد تک چلا گیا کہ آپ صنعت، آزادی، آزادی کو ہمارے لیے نقشہ بنانے کی اجازت دیتے ہیں کہ وہ ہم سے کیا توقع رکھتے ہیں۔" انہوں نے کہا کہ حکومت پرانے طریقوں سے بچنے کی کوشش کر رہی ہے جہاں پروجیکٹس کی تکمیل کے بعد ہی صنعت کی شرکت کی کوشش کی جاتی تھی۔

مالدیپ اور بھارت کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے پر 2026 کے اختتام تک دستخط متوقع

نئی دہلی 14 مئی (ایم این این) مالدیپ نے اعلان کیا ہے کہ وہ بھارت کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدہ 2026 کے اختتام تک مکمل کرنے کے لیے پرامید ہے، جو دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی، تجارتی اور اسٹریٹجک تعلقات کو ایک نئی بلندی تک لے جا سکتا ہے۔ مالدیپ کی وزیر خارجہ ارو تھیما شام ایڈم نے نئی دہلی کے اپنے دورے کے دوران کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات اور مشاورت کا عمل جاری ہے اور حکومت اس سال کے اندر معاہدے پر دستخط کے لیے سنجیدہ کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں تعاون کو نمایاں طور پر فروغ دے گا۔ وزیر خارجہ نے بھارت اور مالدیپ کے تعلقات کو "طویل المدتی اور انتہائی قریبی" قرار دیتے ہوئے کہا کہ صدر محمد معزو کی خارجہ پالیسی اور وزیر اعظم نریندر مودی کی پڑوسی سب سے پہلے کی پالیسی ایک دوسرے کی تکمیل کرتی ہیں۔ دونوں ممالک اس سال سفارتی تعلقات کے 60 سال مکمل ہونے کا جشن بھی منا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مالدیپ کا ایک اہم ترقیاتی شراکت دار ہے اور رہائشی منصوبوں، بندرگاہوں، ہوائی اڈوں، رابطہ کاری اور بنیادی ڈھانچے کے متعدد منصوبوں میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ ان کے مطابق دونوں حکومتوں نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ جاری منصوبوں کی تکمیل کو مزید تیز کیا جائے تاکہ ان کے فوائد جلد از جلد عوام تک پہنچ سکیں۔ وزیر خارجہ نے حالیہ مالی تعاون پر بھی بھارت کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے باعث خوراک، ایندھن اور ادویات کی سپلائی پر پڑنے والے اثرات کے دوران بھارتی مدد مالدیپ کے لیے انتہائی اہم ثابت ہوئی۔ دفاع اور سلامتی کے شعبے میں بھی دونوں ممالک کے تعلقات مضبوط ہو رہے ہیں۔ مالدیپ اور بھارت مشترکہ فوجی مشقوں، صلاحیت سازی اور بحر ہند میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے قریبی تعاون جاری رکھے ہوئے ہیں۔ دونوں ممالک انڈین اوشین رم ایسوسی ایشن اور کولمبو سیکیورٹی کانکلیو جیسے فورمز میں بھی مل کر کام کرتے ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق اگر یہ آزاد تجارتی معاہدہ طے پا جاتا ہے تو یہ نہ صرف بھارت اور مالدیپ کے اقتصادی تعلقات میں ایک تاریخی سنگ میل ہوگا بلکہ بحر ہند کے خطے میں بھارت کے بڑھتے ہوئے اقتصادی اور اسٹریٹجک کردار کو بھی مزید مضبوط کرے گا۔ یہ پیش رفت اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ دونوں ممالک ماضی کی غلط فہمیوں کو پیچھے چھوڑ کر باہمی اعتماد، ترقی اور مشترکہ خوشحالی کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ دفاعی تعلقات کو فروغ دینے کے لیے ویتنام اور جنوبی کوریا کا دورہ کریں گے



نئی دہلی 14 مئی (ایم این این) وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ 18 مئی سے ویتنام اور جنوبی کوریا کا دورہ کریں گے تاکہ ہند-بحرالکاہل میں نئی دہلی کے اسٹریٹجک نقش کو گہرا کیا جا سکے۔ یہ دورہ دو محاذوں پر تیز رفتاری کے ایک لمحے پر آیا ہے: ہنوئی کے ساتھ سپرسونک کروز میزائل کا معاہدہ قریب قریب، اور سیئول کے ساتھ ایک نئے دو طرفہ دفاعی اختراعی پلیٹ فارم کا آغاز۔ ہنوئی کے دورے کا مرکز برہموس سپرسونک کروز میزائل سسٹم کی ممکنہ فروخت ہے، جسے ہندوستان اور روس نے مشترکہ طور پر تیار کیا ہے، جو کئی سالوں سے فعال مذاکرات میں ہے۔ وزیر کی روانگی سے چند روز قبل ویتنام کے صدر تو لام کے نئی دہلی کے دورے کے بعد بات چیت میں تیزی آئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ مذاکرات جدید گفت و شنید کے مراحل میں ہیں، جس کی قیمت تقریباً 800.5 کروڑ روپے ہے۔ اگر یہ معاہدہ طے پا گیا تو ویتنام فلپائن اور انڈونیشیا کے بعد برہموس خریدنے والا تیسرا ملک بن جائے گا۔ فلپائن نے 2022 میں 375 ملین ڈالر کے معاہدے پر دستخط کیے تھے، جبکہ انڈونیشیا نے اس سال کے شروع میں کم از کم 340 ملین ڈالر کے معاہدے کو حتمی شکل دی تھی۔ برہموس سسٹم اپنی معیاری برآمدی ترتیب میں 300 کلومیٹر وار آواز کی رفتار سے تقریباً تین گنا سفر کرنے اور اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے، ہندوستان کی سب سے زیادہ مطلوب دفاعی برآمدات میں سے ایک ہے۔ سیئول میں، ایجنڈا دفاعی صنعتی تعاون اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کی طرف مڑتا ہے۔ دونوں حکومتوں نے 20 اپریل 2026 کو اپنے سربراہی اجلاس کا استعمال کیا، جس میں وزیر اعظم نریندر مودی اور جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے شرکت کی، کوریا-انڈیا ڈیفنس ایکسلریٹر کا اعلان کرنے کے لیے، جسے KIND-X کہا جاتا ہے۔ KIND-X دونوں ممالک کی دفاعی کمپنیوں، اسٹارٹ اپس، انکیوبیٹرز، سرمایہ کاروں اور یونیورسٹیوں کو جوڑنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، جس کا مقصد بغیر پائلٹ کے نظام، مصنوعی ذہانت، اور جدید مواد جیسے شعبوں میں ٹیکنالوجیز کو مشترکہ طور پر تیار کرنا ہے۔ یہ پہل K9 وجرا خود سے چلنے والے ہووٹزر کے ذریعے قائم کردہ ٹیمپلیٹ پر مبنی ہے، جسے ہندوستان اور جنوبی کوریا پہلے ہی ٹیکنالوجی کی منتقلی کے انتظام کے تحت مشترکہ طور پر تیار کر رہے ہیں، اور اس ماڈل کو مستقبل کے فوجی نظاموں کی ایک وسیع رینج میں نقل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

بھارت نے 1.5 ارب ڈالر کا بحری انشورنس فنڈ قائم کر دیا

نئی دہلی 14 مئی (ایم این این) بھارت نے اپنی سمندری تجارت اور جہاز رانی کو عالمی جغرافیائی کشیدگی کے دوران تحفظ فراہم کرنے کے لیے 1.5 ارب ڈالر مالیت کا ایک نیا بحری انشورنس فنڈ قائم کر دیا ہے، جسے بھارت میری ٹائم انشورنس پول (BMIP) کا نام دیا گیا ہے۔ یہ اقدام ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی، خصوصاً آبنائے ہرمز اور دیگر اہم سمندری راستوں میں خطرات، عالمی جہاز رانی اور تجارت کے لیے تشویش کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ اس نئے انشورنس نظام کو بھارتی حکومت کی جانب سے 1.4 ارب ڈالر (تقریباً 12,000 کروڑ روپے) کی خودمختار ضمانت حاصل ہوگی، تاکہ اگر بڑے دعوے سامنے آئیں تو جہازوں اور کارگو کو مکمل تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ بھارت کے محکمہ مالیاتی خدمات کے سکریٹری ایم ناگراجو نے کہا کہ اس انشورنس پول کے ذریعے بھارت آنے اور جانے والے تمام جہازوں کو بیمہ تحفظ فراہم کیا جا سکے گا، جس سے ملک کی تجارتی سلامتی اور اقتصادی استحکام مزید مضبوط ہوگا۔ اس اسکیم کے تحت بحری انشورنس کے مختلف شعبوں کا احاطہ کیا جائے گا، جن میں جہاز کے ڈھانچے اور مشینری کا بیمہ، کارگو انشورنس، پروٹیکشن اینڈ انڈیمنٹی، اور جنگی خطرات سے متعلق انشورنس شامل ہیں۔ اس منصوبے کے تحت پہلے انشورنس کور تین بھارتی کمپنیوں کو جاری کیے گئے ہیں جن میں ریلائنس اسٹرانٹ کارپوریشن لمیٹڈ، بلرام پور چینی مل لمیٹڈ اور ہوگر آف شور اینڈ میرین پرائیویٹ لمیٹڈ شامل ہیں۔ اس انشورنس پول کا انتظام جنرل انشورنس کارپوریشن آف انڈیا کے سپرد کیا گیا ہے، جو بھارت کی سرکاری ری انشورنس کمپنی ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ اقدام بھارت کی سمندری خودمختاری، تجارتی تحفظ اور مالیاتی خود انحصاری کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس سے بھارت کو غیر ملکی بیمہ کمپنیوں پر انحصار کم کرنے میں مدد ملے گی اور عالمی بحرانوں کے دوران بھی تجارتی سرگرمیاں بغیر رکاوٹ جاری رہ سکیں گی۔

بائیس سال میں 54 بار بیرون ملک دورے پر گئے راہل، 64 کروڑ روپے خرچ

نئی دہلی، 14 مئی (یو این آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر مسٹر راہل گاندھی پر سیکیورٹی قوانین کی ان دیکھی کرنے اور مالی بے ضابطگیوں کا الزام لگایا ہے اور سوال کیا ہے کہ ان کے بیرون ملک دوروں کے اخراجات کون اٹھاتا ہے۔ بی جے پی کے قومی ترجمان اور لوک سبھا رکن پارلیمنٹ مسٹر سمبت پاترا نے جمعرات کو یہاں پارٹی ہیڈکوارٹر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر گاندھی کے بیرون ملک دوروں کی تفصیلات دیں اور کہا کہ عوامی زندگی میں رہتے ہوئے مسٹر گاندھی گزشتہ 22 سال میں 54 بار بیرون ملک سفر پر گئے اور ان دوروں پر 64 کروڑ روپے سے زیادہ خرچ آیا جو ایک بڑی تحقیقات کا موضوع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مسٹر گاندھی نے جن ممالک کے دورے کیے ان میں اٹلی، برطانیہ، امریکہ، جرمنی، ویتنام، کمبوڈیا، سنگاپور، بحرین، مالدیپ، قطر، متحدہ عرب امارات جیسے ممالک شامل ہیں۔ اس کے علاوہ تین مئی 2026 کو ایکس اور سوشل میڈیا کی پوسٹس پر جو تصاویر سامنے آئی ہیں اور جو غیر اعلانیہ سفر ہوئے ہیں ان میں مسقط اور عمان بھی شامل ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ آخر مسٹر گاندھی کے اتنے مہنگے سفر کے اخراجات کون اٹھاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان یہ جاننا چاہتا ہے کہ مسٹر گاندھی کے ان دوروں کا اسپانسر کون ہے اور اس کے پیچھے کے اصل ارادے کیا ہیں۔ بی جے پی لیڈر نے مسٹر گاندھی کے انتخابی حلف نامے اور اعلانیہ آمدنی کے حوالے سے کہا کہ گزشتہ 10 سالوں میں مسٹر گاندھی کی کل آمدنی تقریباً 11 کروڑ روپے رہی ہے۔ ایسے میں سوال اٹھتا ہے کہ جس شخص کی 10 سال کی کمائی 11 کروڑ ہو وہ 64 کروڑ روپے بیرون ملک دوروں پر کیسے خرچ کر سکتا ہے۔ مسٹر پاترا نے الزام لگایا کہ مسٹر گاندھی کے کئی غیر ملکی دوروں کا کوئی سرکاری ریکارڈ نہیں ہے اور وہ اکثر خفیہ طریقے سے بیرون ملک جاتے ہیں۔ انہوں نے مسٹر گاندھی پر سیکیورٹی قوانین کو نظر انداز کرنے کا الزام لگاتے ہوئے دعویٰ کیا کہ انہوں نے کئی بار ایس پی جی سیکیورٹی کو چھوڑ دیا یا سیکیورٹی اہلکاروں کے بغیر بیرون ملک گئے۔ انہوں نے اسے قومی سلامتی کے ساتھ کھلواڑ قرار دیتے ہوئے کہا کہ آخر بیرون ملک مسٹر گاندھی کس سے ملتے ہیں جسے وہ ملک کی سیکیورٹی ایجنسیوں سے چھپانا چاہتے ہیں۔

مسافر گاڑیوں کی تھوک فروخت اپریل میں 4.37 لاکھ کی ریکارڈ سطح پر



نئی دہلی، 14 مئی (یو این آئی) گاڑیوں کی مانگ میں گزشتہ سال ستمبر سے جاری تیزی اس سال اپریل میں بھی برقرار رہی اور گھریلو بازار میں مسافر گاڑیوں اور تین پہیہ گاڑیوں کی ریکارڈ تھوک فروخت درج کی گئی۔ گاڑیاں بنانے والی کمپنیوں کی تنظیم سیام کی جانب سے جمعرات کو جاری اعداد و شمار کے مطابق مسافر گاڑیوں کی فروخت، جن میں کاریں، یوٹیلیٹی گاڑیاں اور وین شامل ہیں، اپریل میں سالانہ بنیاد پر 25.4 فیصد بڑھ کر 437312 یونٹ تک پہنچ گئی۔ گزشتہ سال اپریل میں ملک میں 348847 مسافر گاڑیاں فروخت ہوئی تھیں۔ تین پہیہ گاڑیوں کی فروخت میں 32.8 فیصد کا زبردست اضافہ ہوا اور یہ 65,688 یونٹ کی اب تک کی سب سے زیادہ ماہانہ ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی۔ اس زمرے میں سب سے زیادہ 52,655 مسافر تین پہیہ گاڑیاں فروخت ہوئیں، جو 31.1 فیصد سالانہ اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔ دو پہیہ گاڑیوں کی فروخت میں بھی 28.4 فیصد کی شاندار تیزی دیکھی گئی اور یہ 18,72,691 یونٹ رہی۔ اس میں موٹر سائیکلوں کی فروخت 30.6 فیصد بڑھ کر 11,38,452 یونٹ ہو گئی۔ اسکوٹروں کی فروخت 993.91.6 یونٹ رہی، جو 26.2 فیصد اضافے کو ظاہر کرتی ہے۔ سیام کے ڈائریکٹر جنرل راجیش مینن نے کہا کہ مالی سال 2026-25 کی دوسری ششماہی میں مسافر گاڑیوں کی فروخت میں شروع ہونے والی تیزی مالی سال 2026-27 کے پہلے مہینے میں بھی جاری رہی۔ مسافر گاڑیوں، دو پہیہ اور تین پہیہ گاڑیوں میں دو ہندسوں والی مضبوط ترقی دیکھی گئی۔ انہوں نے کہا کہ مغربی ایشیا کے بحران کے باعث کموڈٹی قیمتوں میں اضافے کے خدشات کے باوجود گاڑیوں کی مانگ مضبوط بنی ہوئی ہے۔

بھارت۔افریقہ سربراہی اجلاس 2026، تعاون کے ایک نئے دور کا آغاز

نئی دہلی 14 مئی (ایم این این) بھارت رواں ماہ نئی دہلی میں چوتھے انڈیا افریقہ فورم سمٹ (IAFS-IV) کی میزبانی کرے گا، جسے بھارت اور افریقی ممالک کے درمیان تعلقات میں ایک نئے اور فیصلہ کن مرحلے کے آغاز کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ یہ اہم سربراہی اجلاس 31 مئی 2026 کو نئی دہلی میں منعقد ہوگا اور اس میں افریقی یونین، مختلف علاقائی تنظیموں اور افریقہ بھر کے سربراہان مملکت و حکومت شرکت کریں گے۔ یہ اجلاس گیارہ سال بعد منعقد ہو رہا ہے، کیونکہ آخری بھارت-افریقہ فورم سمٹ 2015 میں ہوا تھا۔ اجلاس میں تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، توانائی، صحت، زراعت، تعلیم، ہنر مندی، خلائی ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور موسمیاتی تبدیلی سمیت متعدد اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے پر غور کیا جائے گا۔ گزشتہ ایک دہائی کے دوران بھارت نے افریقہ کے ساتھ اپنے تعلقات کو نمایاں طور پر وسعت دی ہے۔ بھارت نے 17 نئے سفارتی مشن قائم کیے ہیں جس کے بعد افریقہ میں اس کی موجودگی 46 ممالک تک پہنچ گئی ہے۔ اس کے علاوہ بھارت 41 افریقی ممالک کو 10 ارب ڈالر سے زائد کی لائن آف کریڈٹ فراہم کر چکا ہے، جبکہ 220 ترقیاتی منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں۔ بھارت آج افریقہ کے اہم ترین ترقیاتی شراکت داروں میں شمار ہوتا ہے۔ ادویات، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زرعی تحقیق، قابل تجدید توانائی، بنیادی ڈھانچے اور صلاحیت سازی کے شعبوں میں بھارتی تعاون نے افریقہ میں گہرا اثر چھوڑا ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق یہ سربراہی اجلاس ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب افریقی ممالک روایتی مغربی شراکت داروں کے متبادل تلاش کر رہے ہیں۔ بھارت اپنی نوآبادیاتی ماضی سے پاک شناخت، جنوبی-جنوبی تعاون کے فلسفے اور مساوات پر مبنی سفارت کاری کے باعث افریقہ کے لیے ایک قابل اعتماد اور پائیدار شراکت دار کے طور پر ابھر رہا ہے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ بھارت-افریقہ سربراہی اجلاس 2026 صرف سفارتی تقریب نہیں بلکہ دو اہم خطوں کے اربوں سے زائد انسانوں کے مشترکہ مستقبل کے لیے ایک جامع وژن کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ اجلاس اس بات کو مزید مستحکم کرے گا کہ بھارت اور افریقہ مل کر ایک زیادہ منصفانہ، متوازن اور کثیر قطبی عالمی نظام کی تشکیل میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

شیر بھارت کے فخر، ہمت اور قدرتی ورثے کی علامت ہیں

پروجیکٹ لائن گیر خطے میں ایشیائی شیروں کے طویل مدتی تحفظ کو مضبوط بناتا ہے۔ بھوپندر یادو

نئی دہلی 14 مئی (ایم این این) ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے آج گجرات کے ساسن گیر میں شیر کی نسلوں کی اسپاٹ لائٹ تقریب کا افتتاح کیا۔ یہ پروگرام انٹرنیشنل بگ کیٹ الائنس (آئی بی سی اے) سمٹ 2026 کے تحت بڑی سست اسپاٹ لائٹس کی سیریز کے حصے کے طور پر منعقد کیا گیا تھا۔ اس تقریب کی صدارت گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے ورچوئل وسیلے سے کی۔ مجمع سے خطاب کرتے ہوئے بھوپیندر یادو نے بتایا کہ ہندوستان 1-2 جون 2026 کو نئی دہلی میں پہلا آئی بی سی اے سمٹ 2026 کی میزبانی کرے گا جس کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں 1-2 جون کو تکنیکی اجلاس ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بگ کیٹ 'سیو بگ کیٹس، انسانیت کو بچائیں، ماحولیاتی نظام کو بچائیں' کے ساتھ سربراہی اجلاس میں سربراہان مملکت اور حکومت، وزراء، پالیسی سازوں، سائنسدانوں، تحفظ کے پیشہ ور افراد، کثیر جہتی ایجنسیوں، مالیاتی اداروں، شراکت دار تنظیموں اور ایشیا، افریقہ اور امریکہ کے 95 ممالک کے 400 نمائندے اکٹھا ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئی بی سی اے ایک عالمی اتحاد کے طور پر کام کرتا ہے جو بگ کیٹ کی سات مشہور انواع- شیر، ببر شیر، چیتے، برفانی چیتے، جیگوار اور پوما کے تحفظ کے لیے وقف ہے۔ وزیر موصوف نے ساسن گیر کو ہندوستان کی بھرپور حیاتیاتی تنوع، فطرت کے تئیں حساسیت اور تحفظ کے عزم کی زندہ علامت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ گیر شیر نہ صرف گجرات کی شناخت ہے، بلکہ پورے ملک کے فخر، ہمت اور قدرتی ورثے کی علامت بھی ہیں۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ کس طرح وزیر اعظم نریندر مودی کی دور اندیش قیادت میں ایشیائی شیروں کی آبادی کا تخمینہ لگانے کی پہل، جوناگڑھ میں نیشنل وائلڈ لائف ریفرل سینٹر اور بردا میں نیشنل وائلڈ لائف سینکچری کو ایشیائی شیروں کے قدرتی طور پر اضافے کے مقام کے طور پر تیار کرنے جیسے مختلف اقدامات کوشش موڈ میں آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ جناب یادو نے کہا کہ شیر کی نسلوں کی اسپاٹ لائٹ تقریب نے شیروں کی عالمی تحفظ کی صورتحال اور انواع کے تحفظ کے لیے ہندوستان کے اقدامات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس تقریب کا مقصد ہندوستان کے شیروں کے تحفظ کے کامیاب ماڈل کو ظاہر کرنا، شیروں کے پھیلاؤ والے ممالک کے درمیان بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینا اور رہائش گاہ کے نقصان، آب و ہوا کی تبدیلی اور انسانی جنگلی حیات کے تنازعات جیسے ابھرتے ہوئے چیلنجوں پر غور و فکر کرنا اور علم کے تبادلے اور صلاحیت سازی کو مستحکم کرنا ہے۔

ازنیابت شولی پورہ

پاجلاس اختر احمد بابا صاحب نائب تحصیلدار شولی پورہ

مضمون درخواست منجانب معصومہ جان دختر نیاز احمد ولد فیاض احمد میر ساکن لکھری پورہ تحصیل بڈگام ضلع بڈگام برائے اجرائی سرٹیفکیٹ تحت ایس آر او 294

اشتہار برائے آگاہی ہر خاص و عام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل/سائلہ نے ایک درخواست نسبت اجرائی سرٹیفکیٹ RBA پیش کی ہے جو کہ اس وقت دفتر ہذا میں زیر کارروائی ہے۔ پٹواری حلقہ کی رپورٹ کے مطابق سائل کے کنبہ کی تفصیل معہ آمدنی بذیل درج ہے۔

نام افراد کنبہ	رشتہ ہمراہ متوفی	عمر	پیشہ/سالانہ آمدنی
فیاض احمد میر	والد	48	ترکھان مزدوری 84000
فاطمہ بانو	والدہ	47	گھریلو کام
دانش فیاض	سائل	18	زیر تعلیم
معصومہ جان	سائلہ	15	زیر تعلیم
محسن علی	برادر	13	زیر تعلیم

کل آمدنی مبلغ 84000 کے علاوہ سائلان کے کنبہ کے پاس 1 کنال زرعی زمین موجود ہے جس کی آمدنی سالانہ 60000 روپے تک ہے۔ رپورٹ پٹواری کے مطابق سائلان موضع لکھری پورہ کا مستقل باشندہ ہے پچھلے پندرہ سالوں سے ترک سکونت نہیں کی ہے۔ اگر کسی شخص کو سرٹیفکیٹ اجرا کرنے میں کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتے کے اندر اندر دفتر ہذا میں پیش کریں بعد گزرنے میعاد کوئی بھی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ UM

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1
وزیراعظم نریندر مودی کے 10 نکاتی ایجنڈے اور 360 ڈگری اپروچ کے تحت ممکن ہوئی ہے، جس نے ملک کے ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ نظام کو نئی سمت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا بنیادی ہدف اب "زیرو کیژولٹی" اور کم سے کم مالی نقصان کو یقینی بنانا ہے، چاہے وہ سیلاب ہوں، زلزلے ہوں، سائیکلونز ہوں یا ہیٹ ویوز۔ ان کے مطابق وزارت داخلہ نے ہیٹ ویو جیسے خطرناک موسمی حالات سے نمٹنے کیلئے خصوصی منصوبہ تیار کیا ہے، جس کے ذریعے آئندہ برسوں میں اموات کو مکمل طور پر ختم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ وزیر داخلہ نے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور این ڈی آر ایف کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان اداروں نے بھارت کو عالمی سطح پر ڈیزاسٹر ریسپانس کے میدان میں قائدانہ مقام دلایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھارت دنیا کے لیے نہ صرف ایک مضبوط ماڈل ہے بلکہ "فرسٹ ریسپانڈر" کے طور پر بھی تسلیم کیا جا رہا ہے۔ امت شاہ نے کہا کہ این ڈی آر ایف کو دیا گیا "پریزیڈنٹس کلر ایوارڈ" صرف ایک اعزاز نہیں بلکہ اس بات کا اعتراف ہے کہ گزشتہ دو دہائیوں میں اس فورس نے غیر معمولی پیشہ ورانہ کارکردگی، قربانی اور لگن کا مظاہرہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 2
دیتے ہوئے سکینہ ایتو نے کہا، "فی الحال ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ ابھی اس حوالے سے کچھ زیر غور نہیں۔ آگے دیکھتے ہیں۔" انہوں نے واضح کیا کہ محکمہ تعلیم کی جانب سے نہ تو فزیکل کلاسز معطل کرنے کی کوئی تجویز زیر غور ہے اور نہ ہی طلبہ کو دوبارہ مکمل طور پر ورچوئل یا آن لائن نظام تعلیم کی طرف منتقل کرنے کا کوئی فیصلہ لیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 3
وفاع کے لئے اپنی جانیں قربان کیں اور ان کی شجاعت، ہمت اور قربانی کو ہر ہندوستانی میں فخر اور تحریک کا ایک طاقتور ذریعہ بننا چاہیے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، "ہماری افواج اور عوام کی لگن ہی قوم کی اصل طاقت ہے۔ شوریہ گاتھا کمپلیکس ہندوستانی فوجیوں کی بہادری اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔ اس اقدام سے سرحدی علاقوں اور بارڈر ٹورازم، ہوم سٹے، مقامی دستکاری اور نوجوانوں کی کاروباری سرگرمیوں کے لئے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔" انہوں نے لائن آف کنٹرول کے اس طرف ترقی اور غیر قانونی طور پر پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر میں حالات کے درمیان واضح فرق کو بھی اجاگر کیا اور کہا کہ جموں و کشمیر امن، ترقی اور خوشحالی کے دور سے گزر رہا ہے جبکہ پی او کے بدستور نظر اندازی اور بد انتظامی کا شکار ہے۔ انہوں اس بات کا اعادہ کیا کہ جموں و کشمیر ہندوستان کا اٹوٹ انگ تھا، ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، "جموں و کشمیر ہر شعبے میں ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ عوام میں خود اعتمادی کا نیا جذبہ پیدا ہوا ہے اور معاشرہ پہلے سے زیادہ خوشحال اور پُر امن ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ انتظامیہ سرحدی علاقوں کی ترقی کے لئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے مشاہدہ کیا کہ بھارت رن بھومی درشن اقدام کے تحت بہادری کے مقامات کو فروغ دینے سے تنگدار، کرناہ خطے میں معاشی ترقی اور خوشحالی آئے گی، نیز اس خطے کی دو قلی تاریخ اور ثقافت کو بھی اجاگر کیا جائے گا۔ منوج سنہا نے کہا کہ تنگدار، کرناہ کے سات دیہات کو وائبرنٹ ولیج پروگرام کے تحت شامل کیا گیا ہے جس سے بہتر بنیادی ڈھانچہ، روزگار کے مواقع اور معیار زندگی یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے سادھنا ٹنل کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہر موسم میں رسائی فراہم کر کے اور تجارت، تعلیم، صحت اور آفات سے نمٹنے میں سہولت دے کر خطے میں رابطہ، سلامتی اور معاشی سرگرمیوں کو نمایاں طور پر بہتر بنائے گی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، "میں ملک بھر کے شہریوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ شوریہ گاتھا کمپلیکس کا دورہ کریں اور کپواڑہ کے منفرد سیاحتی مقامات پر اپنی تعطیلات گزارنے کا منصوبہ بنائیں۔" انہوں نے 'نشہ مکت جموں و کشمیر مہم' میں فوج کے اہم کردار کو بھی سراہا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، "تنگدار ایک اہم سٹریٹجک مقام ہے جہاں ہمارا پڑوسی مسلسل نارکو سمگلنگ کی سرگرمیاں بڑھانے کی کوشش کرتا ہے۔ خطے میں فوج کی طرف سے ہوائی اڈے جیسی سہولت کی تعمیر ہماری انسداد منشیات مہم میں ایک اہم اثاثہ ثابت ہوگی۔" انہوں نے پولیس محکمہ اور سیکورٹی فورسز پر زور دیا کہ وہ اعلیٰ ترین سطح کی چوکسی برقرار رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری نگرانی کو فول پروف ہونا چاہیے تاکہ کوئی بھی غیر قانونی منشیات ہماری سرزمین میں داخل نہ ہو سکے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے عوام بالخصوص سکولی طلبا کا 'نشہ مکت جموں و کشمیر مہم' کی بھرپور حمایت پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ افتتاحی تقریب میں جنرل آفیسر کمانڈنگ ان چیف (جی او سی ان سی) ناردرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما، جی او سی چنار کور لیفٹیننٹ جنرل بلبیر سنگھ، رکن قانون ساز اسمبلی کرناہ جاوید احمد مرچال، ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اشوک کمار، جی او سی 28 انفنٹری ڈویژن میجر جنرل راکیش نائر، کمانڈر شکتی وجے بریگیڈ بریگیڈیئر دھرمیندر یادو اور فوج، سول انتظامیہ، پولیس و سیکورٹی فورسز کے سینئر افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 4
رکھتے ہوئے بفرزون کی پابندیوں میں نرمی دی جائے، تاکہ اسپتال کی توسیع اور جدید کاری کا راستہ صاف ہو سکے۔ منظوری کے بعد اپگریڈیشن کے تحت اسپتال میں انتہائی اہم طبی سہولیات شامل کی جائیں گی جن میں نیا بلڈ بینک، جدید آپریٹنگ تھیٹرز، ہائی کیئر یونٹس، امراض قلب، گائنی، پیڈیاٹرکس اور دیگر خصوصی علاج مراکز شامل ہیں۔ توقع ہے کہ اپگریڈ اسپتال نہ صرف حضرت بل بلکہ دارالحکومت سرینگر کے دیگر علاقوں کے مریضوں کا بوجھ بھی کم کرے گا اور انہیں بہتر، تیز اور معیاری طبی خدمات دستیاب ہوں گی۔ علاقے کے مقامی شہریوں نے کابینہ اور بالخصوص وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے اس فیصلے کو "عوام دوست قدم" قرار دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ اسپتال شدید جگہ کی قلت کا شکار ہے اور روزانہ سینکڑوں مریض سہولیات کی کمی کا سامنا کرتے ہیں۔ ایک مقامی شہری نے بتایا کہ "یہ فیصلہ ہمارے لیے زندگی بدلنے والا ثابت ہوگا، کیونکہ یہاں کے مریضوں کو بڑے اسپتالوں میں داخلہ ملنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ اگر حضرت بل کا اسپتال جدید سہولیات سے آراستہ ہو جائے گا تو ہماری نصف سے زیادہ مشکلات خود بخود ختم ہو جائیں گی۔" عوام نے کہا کہ اس فیصلے سے نہ صرف مریضوں بلکہ ان کے تیمارداروں کو بھی بڑی راحت ملے گی، کیونکہ موجودہ عمارت میں وارڈز، لیبارٹری، ایمرجنسی یونٹ اور لیبر وارڈ تک میں جگہ انتہائی ناکافی ہے۔ بہتر انفراسٹرکچر کے بعد نہ صرف علاج میں سہولت ملے گی بلکہ صحت عامہ سے متعلق ایمرجنسی حالات سے نمٹنے کی صلاحیت بھی بڑھے گی۔ حکومت کے مطابق اپگریڈیشن کا عملی کام جلد شروع کیا جائے گا تاکہ علاقہ جلد از جلد جدید طبی سہولیات سے فائدہ اٹھا سکے۔

بقیہ نمبر 5
کام کرتے تھے اور اس وقت کے پٹواری کے ساتھ ملی بھگت سے اس وقت کے پٹواری اور جعلی دستاویز تیار کرتے تھے۔

بقیہ نمبر 6
اسے خفیہ اطلاع پر قانونی کارروائی کے تحت گرفتار کیا گیا۔ چھاپے کے دوران پولیس نے اس کے قبضے سے تقریباً 8.4 گرام ہیروئن، سرنج، ایلومینیم فوائل اور دیگر مشکوک سامان برآمد کیا۔ ادھر اننت ناگ میں پولیس نے ریونیو اور فاریسٹ محکموں کے ساتھ مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے لارنو کے گوران علاقے میں منشیات فروشوں سے منسلک مبینہ غیر قانونی تعمیرات کو منہدم کر دیا۔ یہ ڈھانچے مبینہ طور پر جنگلاتی زمین پر غیر قانونی طور پر قائم کیے گئے تھے۔ اس کارروائی کے دوران دو افراد آصف علی بالا اور نثار احمد کسانہ کی مبینہ غیر قانونی دکانیں بھی گرائی گئیں۔ حکام کے مطابق یہ اقدام منشیات کے ذریعے حاصل شدہ املاک اور غیر قانونی جائیدادوں کے خلاف وسیع تر مہم کا حصہ ہے۔

بقیہ نمبر 7
اقدامات کی حمایت کرنے کیلئے تیار ہے اور یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ امن ٹکڑے ٹکڑے نہیں ہو سکتا اور بین الاقوامی قانون کو برقرار رکھنا، شہریوں کی حفاظت کرنا اور عوامی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے سے گریز کرنا ضروری ہے۔ وزیر خارجہ نے آبنائے ہرمز اور بحیرہ احمر میں محفوظ اور بلا روک ٹوک سمندری بہاؤ کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا اور غزہ میں تنازعے کے سنگین انسانی مضمرات پر تشویش کا اظہار کیا۔ ہندوستان کی میزبانی میں ہونے والی میٹنگ کو زیادہ اہمیت حاصل ہوئی کیونکہ یہ اثر بلاک مغربی ایشیا کے بحران کے معاشی نتائج، خاص طور پر توانائی کی فراہمی میں شدید رکاوٹوں، اور تجارت اور محصولات سے متعلق واشنگٹن کی پالیسی سے دوچار ہے۔ جے شنکر نے کہا "مغربی ایشیا میں تنازعہ خاص توجہ کا مستحق ہے۔ مسلسل کشیدگی، سمندری ٹریفک کو خطرات، اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے میں رکاوٹیں صورتحال کی نزاکت کو نمایاں کرتی ہیں۔" وزیر خارجہ نے کہا کہ آبنائے ہرمز اور بحیرہ احمر سمیت بین الاقوامی آبی گزرگاہوں سے محفوظ اور بلا روک ٹوک بحری بہاؤ عالمی اقتصادی بہبود کے لیے اہم ہیں۔ انہوں نے کہا "وسیع خطہ بھی سنگین تشویش کو جنم دیتا ہے۔ غزہ کے تنازعے کے سنگین انسانی اثرات ہیں"۔

بقیہ نمبر 8
نہیں کی جانی چاہیے۔ ابھی یہ معلوم نہیں ہو سکا ہے کہ ہندوستانی جہاز پر حملہ کس نے کیا ہے، لیکن یہ حملہ ایسے وقت میں کیا گیا ہے جب ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی برکس ممالک کے وزرائے خارجہ کے میٹنگ میں شرکت کے لیے یہاں آئے ہوئے ہیں۔

بقیہ نمبر 9
، جس پر عوامی سطح پر تشویش پائی جا رہی تھی۔ حکومت کی جانب سے جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے تحت جاری کیے گئے گورنمنٹ آرڈر نمبر 907-JK(GAD) of 2026 کے مطابق ضلع، تحصیل اور بلاک سطح پر مشترکہ انفورسمنٹ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں تاکہ فوڈ سیفٹی قوانین پر موثر عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ حکام کے مطابق ان ٹیموں کا مقصد ریستورانوں، قصاب خانوں، بیکریوں، دودھ فروش مراکز اور دیگر فوڈ کاروباری اداروں میں صفائی، لائسنسنگ اور فوڈ سیفٹی اصولوں کی جانچ کرنا ہے۔ ضلعی سطح پر ڈپٹی کمشنران ٹیموں کی سربراہی کریں گے جبکہ اسسٹنٹ کمشنر فوڈ سیفٹی ممبر سیکرٹری کے طور پر خدمات انجام دیں گے۔ دیگر اراکین میں چیف میڈیکل آفیسر، ڈپٹی کنٹرولر لیگل میٹرولوجی، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ہیڈکوارٹر) اور متعلقہ میونسپل کارپوریشن، کونسل یا کمیٹیوں کے افسران شامل ہوں گے۔ اسی طرز پر تحصیل سطح پر بھی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جن میں فوڈ سیفٹی، پولیس، صحت، لیگل میٹرولوجی اور میونسپل محکموں کے نمائندے شامل رہیں گے۔ حکومت نے ہدایت دی ہے کہ مشترکہ چیکنگ مہم سات دن کے اندر شروع کی جائے، جس سے اس معاملے کی سنگینی اور فوری کارروائی کی ضرورت کا اندازہ لگایا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 11
بارے میں آگاہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے یوکرین اور مغربی ایشیا سمیت مختلف علاقائی اور عالمی مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم نے مکالمے اور سفارت کاری کو آگے بڑھنے کا بہترین راستہ قرار دینے کے اپنے سابقہ موقف کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے مسٹر لاوروف سے صدر ولادیمیر پوتن کو اپنی نیک خواہشات پہنچانے کی بھی درخواست کی۔

بقیہ نمبر 13
جا رہا ہے اور اپوزیشن کی آواز کو دبایا جا رہا ہے تاکہ انہیں نااہل حکومت کی ناکامیوں اور غلطیوں کو اجاگر کرنے سے روکا جا سکے۔ شرما نے اسپیکر پر تعصب سے کام لینے اور متناسب نمائندگی کے اصول کی خلاف ورزی کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکر کھلے عام حکمران اتحاد کا ساتھ دے کر جمہوری اقدار کو پامال کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹیوں کی صدارت میں اپوزیشن کو نہ ہونے کے برابر نمائندگی جموں و کشمیر کے عوام کے مینڈیٹ کی توہین ہے۔ شرما نے سوال کیا کہ حکمران اتحاد کو کس طرح آٹھ کمیٹی کی صدارت دی جا سکتی ہے، جس کے پاس 54 ممبران اسمبلی ہیں، جبکہ بی جے پی کو، 29 سیٹوں کے ساتھ، صرف ایک کو الاٹ کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 14
دیتے ہوئے، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ دہشت گردوں نے لوگوں کو ان کے مذہب کے بارے میں پوچھنے پر قتل کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستانی ثقافت کہتی ہے کہ ذات پات یا مذہب کی بنیاد پر کوئی تقسیم نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 15
لال قلعہ علاقے میں ہلا دینے والے تیز شدت کے دھماکے میں املاک کو بھی کافی نقصان پہنچا تھا۔ ایک بیان میں این آئی اے نے کہا کہ تمام 10 ملزمان بشمول ڈاکٹر عمر النبی (متوفی)، تنظیم انصار غزوۃ الہند سے منسلک تھے اس میں کہا گیا ہے کہ جون 2018 میں وزارت داخلہ کے ذریعہ AQIS اور اس کے تمام مظاہر کو دہشت گرد تنظیم کے طور پر مطلع کیا گیا تھا۔ چارج شیٹ یو اے (پی) ایکٹ 1967، بھارتیہ نیا سنہتا 2023، دھماکہ خیز مواد ایکٹ 1908، اسلحہ ایکٹ 1959، اور عوامی املاک کو نقصان کی روک تھام ایکٹ 1984 کے متعلقہ سیکشن کے تحت داخل کیا گیا ہے۔ اس میں لکھا گیا ہے کہ فرید آباد (ہریانہ) کی الفلاح یونیورسٹی میں میڈیسن کے سابق اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عمر کے خلاف الزامات کو ختم کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ڈاکٹر نبی کے علاوہ، چارج شیٹ میں نامزد دیگر افراد یہ ہیں عامر رشید میر، جاسر بلال وانی، ڈاکٹر مزمل شکیل، ڈاکٹر عدیل احمد راتھر، ڈاکٹر شاہین سعید، مفتی عرفان احمد واگے، سویاب، ڈاکٹر بلال نصیر ملہ اور یاسر احمد ڈار شامل ہے۔

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101
ان کی توانائی کو قوم کی تعمیر کی طرف بڑھا رہی ہے۔ اس والی بال کورٹ میں ہر سرو اور ہر چانگ یہ پیغام دے رہی ہے کہ ہمارے نوجوان چیلنجوں کا سامنا کرتے ہوئے قومی دھارے کا مضبوط حصہ بن کر آگے بڑھ رہے ہیں۔" لیفٹیننٹ گورنر نے اس بات پر زور دیا کہ شوپیاں جنوبی کشمیر میں کھیلوں کے انقلاب کا مرکز بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا، "گزشتہ چھ برسوں کے دوران شوپیاں میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے پر تقریباً 22 کروڑ روپے خرچ کئے گئے ہیں جبکہ ضلع میں اس وقت 8.80 کروڑ روپے مالیت کے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ جنوبی کشمیر میں 20 کھیلو انڈیا مراکز فعال ہیں جن میں سے پانچ صرف شوپیاں میں قائم ہیں، جہاں 600 باقاعدہ تربیت یافتہ افراد کو کوچنگ اور کھیلوں کا سامان فراہم کیا جا رہا ہے۔" اس موقع پر لیفٹیننٹ گورنر نے نوجوان کھلاڑیوں سے اپیل کی کہ وہ رول ماڈل اور رہنما بن کر نئی نسل کو منشیات سے پاک، روشن اور صحت مند مستقبل کی جانب رہنمائی کریں۔ انہوں نے جموں و کشمیر سے منشیات اور نارکو دہشت گردی کے نیٹ ورک کے مکمل خاتمے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔

102
کرنا ان کی بے لوث خدمات اور بے شمار طلبا کے مستقبل کو سنوارنے کے لئے کی گئی انتھک کوششوں کا ایک موزوں خراج تحسین ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گزشتہ برس ادارے میں آنجہانی شری کلدیپ کمار بڈیال کے مجسمے کی نقاب کشائی کرتے ہوئے اس ادارے کا نام تبدیل کرنے کا فیصلہ لیا تھا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ شری کلدیپ کمار بڈیال جیسے اساتذہ معاشرے کے لئے مشعل راہ ہوتے ہیں اور اپنی عظیم خدمات کے ذریعے نسلوں کو متاثر کرتے رہتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت تعلیمی شعبے کو مضبوط بنانے اور سماجی و تعلیمی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرنے والی شخصیات کی میراث کو محفوظ رکھنے کے لئے پُرعزم ہے۔ اس موقع پر رکن قانون ساز اسمبلی باہو وکرم رندھاوا اور دیگر معززین نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے معیاری تعلیم کے فروغ اور نوجوان ذہنوں کی خلوص و لگن کے ساتھ رہنمائی میں آنجہانی شری بڈیال کے گرانقدر کردار کو یاد کیا۔ دوران تقریب وزیر تعلیم نے آنجہانی شری کلدیپ کمار بڈیال کے اعزاز میں ادارے کے نئے نصب کردہ نام بورڈ کی بھی نقاب کشائی کی۔ انہوں نے آنجہانی پرنسپل کے مجسمہ پر گل دائرے بھی چڑھائے۔

103
خصوصاً نوجوانوں کو نشہ آور اشیاء کے نقصانات سے آگاہ کرنا تھا۔ ادھر نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت محکمہ صحت بڈگام نے بٹ پورہ کے اینٹ بھٹوں اور قریبی گنڈ کے صحت مراکز میں بھی بیداری پروگرام منعقد کیے۔ اس دوران مزدوروں اور عام لوگوں کو تمباکو نوشی، خاص طور پر گٹکا اور بیڑی کے استعمال کے نقصانات سے آگاہ کیا گیا۔ شرکاء کو تمباکو سے پیدا ہونے والی مختلف بیماریوں جیسے منہ کا سرطان، پھیپھڑوں کے امراض، دل کی بیماریاں اور سانس کی تکالیف کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔ بیداری نشستوں میں لوگوں کو تمباکو نوشی ترک کرنے اور صحت مند طرز زندگی اپنانے کی ترغیب دی گئی۔ ایک اور اقدام کے تحت محکمہ ایکسائز بڈگام کی ٹیم نے تحصیل خانصاحب کے پنچایت حلقہ درے گام کے گاؤں چودھری باغ میں گھر گھر جا کر بیداری مہم چلائی۔

104
نے کہا، "مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے کہ جموں و کشمیر کی خواتین لیڈرشپ کا رول نبھانے میں دلچسپی لے رہی ہیں اور سماجی و سیاسی معاملات میں سرگرم کردار ادا کر رہی ہیں۔ میں حبیبہ بٹ جی اور ان کے ساتھیوں کا اپنی پارٹی میں دل کی گہرائیوں سے خیر مقدم کرتا ہوں، اور مجھے یقین ہے کہ یہ نئے شامل ہونے والے افراد اپنے اپنے علاقوں میں پارٹی کو مزید مضبوط کریں گے۔" انہوں نے مزید کہا، "میرا پختہ یقین ہے کہ اپنی پارٹی کا خواتین ونگ جموں و کشمیر میں سماجی انصاف اور خواتین کو بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اپنی پارٹی سیاست میں خواتین کی شرکت کی حوصلہ افزائی کرے گی، اور جو خواتین اس پلیٹ فارم کے ذریعے عوام کی خدمت کرنا چاہتی ہیں، ان کے لیے پارٹی کے دروازے ہمیشہ کھلے رہیں گے۔" دریں اثنا، انہوں نے ایک بار پھر مرکز سے مطالبہ دہرایا کہ جموں و کشمیر کے عوام، خصوصاً نوجوانوں، کے ساتھ بات چیت کی جائے تاکہ انہیں درپیش مسائل کا حل نکالا جا سکے۔ انہوں نے کہا، "جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ بات چیت کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔"

105
راست فوائد بغیر کسی سیاسی امتیاز اور دلالی نظام کے حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رہائش، صحت، دیہی بنیادی ڈھانچے، سماجی تحفظ، خود روزگار اور تعلیم سے متعلق اسکیمیں غیر معمولی رفتار کے ساتھ دور دراز اور سرحدی علاقوں تک پہنچ رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرحدی اضلاع میں بنیادی ڈھانچے اور رابطہ کاری کے منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنا معاشی انضمام، سیاحت کے فروغ، قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت اور قومی سلامتی کی تیاری کو مضبوط بنانے کے لیے نہایت اہم ہے۔ ست شرما نے نوجوانوں کی مہارت سازی، نئے کاروباری منصوبوں کے فروغ، کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے اور روزگار پر مبنی اقدامات کے لیے مسلسل ادارہ جاتی تعاون کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ نوجوان نسل کی توانائی کو قومی تعمیر کے مثبت کاموں کی جانب موڑا جا سکے۔ ست شرما نے قومی شاہراہوں کے جال میں تیزی سے توسیع، طویل عرصے سے زیر التوا سڑک اور سرنگ منصوبوں کی تکمیل، کشمیر کو ملک کے باقی حصوں سے جوڑنے والی ریل رابطہ کاری کو مضبوط بنانے، سیاحوں کی ریکارڈ آمد، نئے صنعتی سرمایہ کاری منصوبوں، ایمس، آئی آئی ٹی، آئی آئی ایم اور طبی کالجوں کی توسیع اور پنچایتی راج اداروں کے ذریعے نچلی سطح پر بہتر حکمرانی کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے نائب صدر کو جموں و کشمیر میں شفاف انتخابی عمل، مقامی حکمرانی میں عوامی شرکت میں اضافہ اور تین سطحی جمہوری نظام کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت سے بھی آگاہ کیا۔ ست شرما نے نائب صدر کو جموں و کشمیر کے دورے کی باضابطہ دعوت بھی دی تاکہ وہ خود وہاں کے بنیادی ڈھانچے میں ہونے والی ترقی، عوامی اعتماد میں بہتری اور امن، خوشحالی اور قومی ترقی کے لیے عوامی خواہشات کا براہ راست مشاہدہ کر سکیں۔

106
پروجیکٹوں اور عوامی راحت رسانی کیلئے اُٹھائے گئے اقدامات کا خاکہ بھی پیش کیا گیا۔ مقررین نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت میں ضلع بڈگام کو تعمیر و ترقی کی نئی راہ پر گامزن کرنے کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ گذشتہ ڈیڑھ سال کے دوران عوامی فلاح و بہبود کیلئے جتنے اقدامات کئے گئے ہیں وہ گذشتہ ایک دہائی میں بھی دیکھنے کو نہیں ملے تھے۔ صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی حکومت عوامی خدمت اور راحت رسانی کیلئے پوری طرح وقف ہے اور حکومت کی اولین ترجیح لوگوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اور طبی شعبے میں اصلاحات، بجلی سپلائی میں بہتری، پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے بڑے پروجیکٹوں کی تکمیل، غریب عوام کیلئے فلاحی اقدامات، سرکاری اداروں کو عوام دوست بنانا اور سیکریٹریٹ کے دروازے عام لوگوں کیلئے کھولنا موجودہ حکومت کی نمایاں کامیابیاں ہیں۔ شوکت میر نے بے روزگاری پر قابو پانے کیلئے حکومتی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہزاروں نوجوانوں کو خود روزگار کیلئے قرضہ جات اور مالی معاونت فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ دو برس کے دوران نئے صنعتی و تجارتی یونٹوں کی رجسٹریشن میں 28 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ نیشنل کانفرنس حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔

107
نے کہا کہ محکمہ مال کے ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن ایک اہم انتظامی اصلاح ہے، جس کا مقصد شفافیت، کارکردگی اور عوام دوست خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس عمل سے عوام کو زمین سے متعلق معلومات تک آسان رسائی حاصل ہوگی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ آپسی تال میل برقرار رکھتے ہوئے ڈیجیٹائزڈ ریکارڈ کی درستگی یقینی بنائیں تاکہ عوام کو کسی بھی قسم کی پریشانی یا غلطی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

108
اشتراک سے نشہ مکت ابھیان مہم کے تحت منعقد کی۔ اس پروگرام میں بڑی تعداد میں طلبہ اور اساتذہ نے شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد نوجوان نسل کو منشیات کے نقصانات سے آگاہ کرنا اور انہیں مثبت اور صحت مند طرز زندگی اپنانے کی ترغیب دینا تھا۔ ان پروگراموں کے دوران شرکاء نے منشیات سے پاک معاشرے کی تعمیر کے اپنے عزم کا اعادہ کیا اور اس بات کو سراہا کہ پولیس تعلیمی اداروں اور سول سوسائٹی کو منشیات مخالف تحریک میں مسلسل شامل کر رہی ہے۔ پولیس نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت عوامی شمولیت اور نوجوانوں کی سرگرم شرکت کو مزید مضبوط بنا کر معاشرے سے منشیات کی لعنت کا خاتمہ یقینی بنایا جائے گا۔

109
جموں و کشمیر میں آبی گزرگاہوں میں سیاحت، معیشت اور ماحولیات کے حوالے سے بے پناہ امکانات موجود ہیں اور متعلقہ محکموں کو آئی ڈبلیو اے آئی کے ساتھ قریبی تال میل قائم رکھتے ہوئے منصوبوں کو بروقت مکمل کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جدید آبی نقل و حمل نہ صرف پائیدار سفری نظام فراہم کرے گی بلکہ سیاحت کو فروغ، روزگار کے مواقع اور دریائی کناروں پر معاشی سرگرمیوں میں اضافہ بھی کرے گی۔ چیف سیکریٹری نے اس بات پر بھی زور دیا کہ آبی ٹرانسپورٹ سہولیات کو سیاحتی ڈھانچے کے ساتھ مربوط کیا جائے جبکہ ماحولیات اور قدرتی حسن کے تحفظ کو بھی یقینی بنایا جائے۔ چیئرمین آئی ڈبلیو اے آئی سنیل پالیوال کی جانب سے پیش کی گئی تفصیلی رپورٹ میں بتایا گیا کہ دریائے جہلم پر قومی آبی گزرگاہ نمبر 49 کے تحت پانتھہ چوک سے ولر جھیل تک تقریباً 76 کلومیٹر طویل دریائی کروز راہداری کی ترقی پر نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جہلم راہداری پر آٹھ تیرتے ہوئے جیٹیوں کی تعمیر جاری ہے جسے جولائی 2026 تک مکمل کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے۔ اس سے متعلق زمینی بنیادی ڈھانچے کی تکمیل جولائی 2027 تک جبکہ جہاز رانی کے معاون آلات کی تنصیب جولائی 2026 تک مکمل کی جائے گی۔ دریائی راستے کی صفائی اور مناسب گہرائی برقرار رکھنے کے لیے آئی ڈبلیو اے آئی اور جموں و کشمیر حکومت مشترکہ طور پر ڈریجر مشینوں کے ذریعے کام انجام دے رہے ہیں۔ اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ بیس مسافروں کی گنجائش رکھنے والی دس ہائبرڈ برقی کشتیوں کی خریداری کا عمل جاری ہے اور اس سلسلے میں موصولہ بولیوں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ امکان ظاہر کیا گیا کہ مئی 2026 تک معاہدہ طے پا جائے گا جبکہ کشتیاں مارچ 2027 تک دستیاب ہوں گی۔ جموں خطے میں جاری منصوبوں کا جائزہ لیتے ہوئے چیف سیکریٹری کو بتایا گیا کہ قومی آبی گزرگاہ نمبر 26 کے تحت دریائے چناب پر بھی سیاحتی کروز ڈھانچہ تیار کیا جا رہا ہے۔ ریاسی سے اکھنور قلعہ تک نو کلومیٹر طویل دریائی کروز راستہ تجویز کیا گیا ہے جہاں دو جیٹیوں کی تعمیر کا کام شروع ہو چکا ہے اور اسے جولائی 2026 تک مکمل کیا جائے گا۔ اسی طرح قومی آبی گزرگاہ نمبر 84 کے تحت دریائے راوی پر جموں ضلع کے سوہر علاقے میں چودہ کلومیٹر طویل دریائی کروز راہداری تیار کی جا رہی ہے۔ یہاں جیٹی کی تعمیر کا کام الاٹ کیا جا چکا ہے اور جولائی 2026 تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ منصوبے کے مختلف حصوں کے لیے درکار گیارہ زمینی قطعات کی نشاندہی کر لی گئی ہے جبکہ منظوری اور منتقلی سے متعلق کارروائیاں مختلف مراحل میں جاری ہیں۔

110
۔ سیکٹر وار پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے سپیکر نے ضلع بڈگام بالخصوص چرار شریف حلقہ میں جاری کاموں، مختلف فنڈز کے استعمال، زیر التوا پراجیکٹس کی صورتحال اور مختلف سرکاری اسکیموں کے نفاذ کے بارے میں اپ ڈیٹس طلب کئے۔ اسپیکر موصوف نے ترقیاتی کاموں کو بروقت انجام دینے کی ضرورت پر زور دیا اور محکموں کے درمیان موثر ہم آہنگی پر زور دیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو نچلی سطح تک موثر انداز میں پہنچایا جائے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ عوامی اہمیت کے منصوبوں کو ترجیح دیں اور عملدرآمد میں شفافیت، احتساب اور معیار کو برقرار رکھیں۔ اسپیکر موصوف نے حکمرانی کیلئے "عوام پہلے" نقطہ نظر پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کے سربراہوں کو سخت ہدایات جاری کیں کہ وہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کو ترجیح دیں اور بنیادی ڈھانچے کے اہم منصوبوں کی تکمیل میں رکاوٹ بننے والی کسی بھی انتظامی یا تکنیکی رکاوٹ کو فعال طور پر حل کریں۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے سینئر افسران نے شرکت کی اور اسپیکر موصوف کو ضلع میں ترقیاتی سرگرمیوں سے متعلق کامیابیوں، چیلنجز اور مستقبل کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔

111
طرح کے دورے عوامی مشکلات اور کئی دہائیوں سے جاری محرومیوں کو سمجھنے کے لیے بے حد ضروری ہیں۔ انہوں نے موجودہ آبی تقسیم نظام کو "ناانصافی کا دردناک تضاد" قرار دیتے ہوئے شدید تنقید کی۔ ان کا کہنا تھا کہ "بڈگام سری نگر شہر اور ہوائی اڈے کے ملحقہ علاقوں کے لیے بنیادی آبی ذخیرہ فراہم کرتا ہے، لیکن اسی ضلع کے عوام محفوظ پینے کے پانی سے محروم ہیں۔ یہ صرف انتظامی ناکامی نہیں بلکہ مقامی آبادی کے ساتھ سنگین ناانصافی ہے۔" پی ڈی پی رہنما نے جل شکتی محکمہ پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ کی دائمی نااہلی، انتظامی سستی اور ادھورے چھوڑے گئے آبی منصوبوں نے پوری آبادی کو مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔

112
دی کہ تکمیلی اور خوبصورتی سے متعلق باقی ماندہ کام جلد مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بہتر تعلیمی بنیادی ڈھانچہ طلبہ کو معیاری اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

113
وزیر نے ویٹرنری ہیلتھ کیئر انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے افسران کو ہدایت دی کہ ٹینڈرنگ کا عمل ایک ہفتے کے اندر مکمل کیا جائے اور طریقہ کار کے اصولوں پر سختی سے عمل کیا جائے اور مکمل شفافیت کو برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے مختلف ترقیاتی سکیموں کے تحت بجٹ مختص کرنے اور اخراجات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے جموں و کشمیر میں مرکزی معاونت والی اور یونین ٹیریٹری سکیموں کے تحت حاصل کی گئی طبعی و مالی پیش رفت کی مکمل تفصیلات طلب کیں۔ وزیر موصوف نے ترقیاتی کاموں کی بروقت تکمیل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ تمام جاری منصوبوں بالخصوص ہیچری، فارمز اور دیگر فلیگ شپ پروگراموں کے تحت چلائے جا رہے منصوبوں کی نگرانی مزید موثر بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ زمینی سطح پر پیش رفت کا جائزہ لینے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لئے اچانک فیلڈ معائنے بھی کیے جائیں گے کہ ان منصوبوں کے فوائد موثر طریقے سے متعلقہ افراد تک پہنچ رہے ہیں۔ جاوید ڈار نے مویشی پروری کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے فارموں کی جامع اپ گریڈیشن اور ترجیحی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ کسانوں کو بہتر تکنیکی معلومات اور وسائل فراہم کئے جا سکیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اعلیٰ نتائج کے حصول کے لئے مختص فنڈز کا درست اور بروقت استعمال ناگزیر ہے اور افسران کو ہدایت دی کہ منصوبوں کی مقررہ مدت پر سختی سے عمل کیا جائے تاکہ ترقیاتی اقدامات کے فوائد عملی طور پر کسان کمیونٹی تک پہنچ سکیں۔

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

واپسی کررہی چنئی سپرکنگز کی نظریں پلے آف پر

لکھنؤ، 14 مئی (یو این آئی) سیزن کے آغاز میں شکست کا سامنا کرنے کے بعد اچانک پلے آف میں جگہ بنانے کے سب سے مضبوط دعویداروں میں سے ایک بننے والی چنئی سپر کنگز نے اپنی مہم کو کافی بدل دیا ہے۔ چنئی کے لیے مشن واضح ہے: جیت کا سلسلہ برقرار رکھنا اور ٹاپ-4 میں اپنی پوزیشن مضبوط کرنا۔ لکھنؤ، جو ایک اتار چڑھاؤ کے بعد پہلے ہی ٹورنامنٹ سے باہر ہو چکی ہے، کے لئے باقی میچ عزت بچانے اور دوسروں کے خوابوں کو توڑنے کا آخری موقع ہے۔ اس سیزن میں سی ایس کے سے زیادہ تیزی سے قسمت بدلنے والی بہت ہی کم ٹیموں نے دیکھا ہے۔ چنئی فرنچائز نے اپنی مہم کا آغاز لگاتار تین شکست کے ساتھ کیا، جس سے ٹیم کے توازن پر سوالات اٹھے اور تجربہ کار کھلاڑی ایم ایس دھونی کے علاوہ کافی کھلاڑیوں کی فکر بھی ہوئی، جو اس سیزن میں نہیں کھیلے ہیں۔ لیکن شکست ماننے کے بجائے، سی ایس کے نے منظم باؤلنگ، بے خوف بیٹنگ اور نوجوان کھلاڑیوں کی شمولیت سے خود کو دوبارہ مضبوط کیا۔ کپتان رتوراج گائیکواڑ کی قیادت میں چنئی نے اپنے گزشتہ آٹھ میں سے چھ میچ جیتے ہیں اور مسلسل تین جیت کے ساتھ لکھنؤ پہنچی ہے۔ اس شاندار واپسی میں سنجو سیمسن کی شاندار کارکردگی اہم رہی، جنہوں نے 11 اننگز میں 169 سے زائد اسٹرائیک ریٹ کے ساتھ 430 رنز بنائے اور دو سنچریوں کے ساتھ ٹیم کی بیٹنگ کو مضبوط بنایا۔ ایک اور بڑا بوسٹ وکٹ کیپر بلے باز اروِل پٹیل سے ملا ہے، جنہوں نے سیزن کا پہلا ہاف بنچ پر گزارا، لیکن فوری اثر دکھایا۔ ایل ایس جی کے خلاف ریورس میچ میں صرف 23 گیندوں پر 65 رنز کی اننگز نے سی ایس کے کی واپسی کے دوران اپنائے گئے ان کی اٹیکنگ اپروچ کو دکھایا۔ باؤلنگ میں بھی ٹیم نے متاثر کیا ہے۔ ہریانہ کے تیز گیندباز انشل کمبوج 19 وکٹوں کے ساتھ ابھرے ہیں، جبکہ انگلینڈ کے آل راؤنڈر جیمی اوورٹن نے 14 وکٹ لے کر ٹیم کو استحکام دیا ہے۔ افغان اسپنر نور احمد اور کیریبین لیفٹ آرم اسپنر عقیل حسین نے درمیانی اوورز میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ دوسری جانب لکھنؤ کا سیزن مایوس کن رہا ہے۔ ٹیم میں رشبھ پنت، نکولس پورن اور مچل مارش جیسے بڑے نام ہونے کے باوجود کارکردگی میں تسلسل نہیں رہا۔ مسلسل چھ شکستوں نے ٹیم کو ٹورنامنٹ سے باہر کر دیا۔

ہیری اور ہنری کوارٹر فائنل میں

روم، ۱۳ مئی (یو این آئی) فن لینڈ کے ٹینس اسٹار ہیری ہیلیووارا اور ان کے انگلینڈ کے جوڑی دار ہنری پیٹن پر مشتمل ٹاپ سیڈ جوڑی اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ مینز ڈبلز کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی۔ فن لینڈ کے ٹینس اسٹار ہیری ہیلیووارا اور ان کے انگلینڈ کے جوڑی دار ہنری پیٹن پر مشتمل ٹاپ سیڈ جوڑی نے مردوں کے ڈبلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میچ میں الیکس مکیلسن اور ان کے ہم وطن جوڑی دار لرنر ٹیئن پر مشتمل امریکی جوڑی کو شکست دے کر لاسٹ ایٹ راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔

فلنٹوف سڈنی تھنڈر کے ہیڈ کوچ

سڈنی، ۱۳ مئی (یو این آئی) انگلینڈ کے سابق لیجنڈری آل راؤنڈر اینڈریو فلنٹوف کو بگ بیش لیگ (بی بی ایل) کی ٹیم سڈنی تھنڈر کا نیا ہیڈ کوچ مقرر کیے جانے کا قوی امکان ہے۔ اینڈریو فلنٹوف نے کوچنگ کی اس دوڑ میں دیگر امیدواروں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے اور جلد ہی ان کی تقرری کا باضابطہ اعلان کر دیا جائے گا۔ سڈنی تھنڈر کو اپنے سابق کوچ ٹریور بیلس کی رخصتی کے بعد ایک ورلڈ کلاس نئے کوچ کی تلاش تھی۔ ٹریور بیلس کی قیادت میں ٹیم نے اگرچہ ۲۰۲۴-۲۵ کے سیزن میں فائنل تک رسائی حاصل کی تھی، لیکن گزشتہ سیزن میں ٹیم کی کارکردگی انتہائی مایوس کن رہی اور وہ پوائنٹس ٹیبل پر آخری نمبر پر رہی۔ اینڈریو فلنٹوف گزشتہ ایک سال سے انگلینڈ لائنز (انگلینڈ کی اے ٹیم) کے کوچ کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ انگلینڈ کی وائٹ بال ٹیم کے ساتھ بطور مشیر بھی منسلک رہے ہیں۔ فرنچائز کرکٹ میں ان کا تجربہ دی ہنڈریڈ لیگ میں ناردرن سپر چارجرز کے ساتھ رہا ہے، جہاں ان کی کوچنگ میں ٹیم نے نمایاں کارکردگی دکھائی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اینڈریو فلنٹوف ۲۰۱۴-۱۵ کے سیزن میں برسبین ہیٹ کی جانب سے بطور کھلاڑی بگ بیش لیگ کا حصہ رہ چکے ہیں۔ بطور کوچ اینڈریو فلنٹوف کے سامنے پہلا بڑا چیلنج اسٹار بلے باز ڈیوڈ وارنر کی کپتانی کے مستقبل کا فیصلہ کرنا ہوگا۔

صلاح کی واپسی طے، چند منٹ ہی کھیل پائیں گے: آرنے سلاٹ

لندن، ۱۳ مئی (و س)۔ لیورپول کے اسٹار فارورڈ محمد صلاح ایسٹن ولا کے خلاف پریمیئر لیگ میچ کے لیے ایکشن میں واپس آ سکتے ہیں۔ ہیڈ کوچ آرنے سلاٹ نے جمعرات کو تصدیق کی کہ محمد صلاح جمعہ کو ایسٹن ولا کے خلاف ہونے والے میچ کے لیے دستیاب ہوں گے، لیکن وہ صرف چند منٹ ہی کھیل پائیں گے۔ توقع ہے کہ وہ دوبارہ میدان میں اتریں گے۔ سلاٹ نے دوسرے کھلاڑیوں کی فٹنس کے بارے میں بھی اپ ڈیٹ فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ گول کیپر ایلیسن بیکر نے ٹیم کے ساتھ دوبارہ ٹریننگ شروع کر دی ہے تاہم ان کی شرکت کا حتمی فیصلہ میچ سے قبل کیا جائے گا۔ فلورین ورٹز پیٹ کے انفیکشن میں مبتلا ہیں اور وہ اینٹی بائیوٹکس لے رہے ہیں۔ اپنے مستقبل کے بارے میں پوچھے جانے پر سلاٹ نے کہا، مجھے یقین ہے کہ میں اگلے سیزن میں لیورپول منیجر کے طور پر رہوں گا۔ میرا کلب کے ساتھ معاہدہ ہے اور ان کے ساتھ ہماری بات چیت مثبت رہی ہے۔ جب آپ لیگ نہیں جیتتے ہیں تو تنقید فطری ہے اور ہمیں اسے قبول کرنا ہوگا۔ محمد صلاح گزشتہ ماہ کرسٹل پیلس کے خلاف ہیمسٹرنگ انجری کے باعث میدان سے باہر ہو گئے تھے۔ خدشات تھے کہ اس کا سیزن اور ممکنہ طور پر لیورپول میں اس کا کیریئر ختم ہو سکتا ہے، اس قیاس کے ساتھ کہ مصری اسٹار سیزن کے اختتام پر کلب چھوڑ سکتا ہے۔ تاہم بعد میں کلب نے واضح کیا کہ ان کی چوٹ اتنی سنگین نہیں تھی جتنا کہ ابتدا میں خدشہ تھا۔ لیورپول اور ایسٹن ولا ۵۹ پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب پریمیئر لیگ کی اسٹینڈنگ میں چوتھے اور پانچویں نمبر پر ہیں۔ اس میچ میں جیت لیورپول کو اگلے سیزن کی یو ای ایف اے چیمپئنز لیگ میں جگہ بنانے کے لیے عملی طور پر یقینی بنا سکتی ہے۔ تاہم، لیورپول اس سیزن میں توقع کے مطابق کارکردگی دکھانے میں ناکام رہا ہے اور ٹیم کسی بھی بڑے ٹائٹل سے محروم رہی ہے۔ گزشتہ سیزن کی کامیابی کو دوہرانے میں ناکامی پر کوچ آرنے سلاٹ کے مستقبل کے بارے میں سوالات اٹھائے ہیں۔ لیورپول کا سیزن کا آخری لیگ میچ ۲۴ مئی کو برینٹ فورڈ کے خلاف ہوگا۔

پلواشہ نے ماسٹرز ٹورنامنٹ جیت لیا

تورنتو، ۱۴ مئی (یو این آئی) پاکستان کی سابق قومی بیڈمنٹن چیمپئن پلواشہ بشیر نے کینیڈا میں ماسٹرز ٹورنامنٹ جیت لیا۔ پلواشہ بشیر نے کینیڈا ماسٹرز ٹورنامنٹ میں ۳۵ پلس ایج گروپ کا ویمن سنگلز ٹائٹل جیتا۔ پاکستانی اسٹار پلیئر نے فائنل میں کینیڈا کی ٹاپ سیڈ پلیئر اینا راس کو شکست دی۔ کینیڈین ماسٹرز چیمپئن شپ میں مختلف ملکوں کے ۳۰۰ سے زائد پلیئرز شریک تھے۔ پلواشہ نے ۲۰۰۹ میں پہلی مرتبہ قومی ویمنز سنگلز اور ڈبلز ٹائٹلز جیتے تھے۔ وہ ۲۰۱۰ کے ساؤتھ ایشین گیمز میں کانسی کا تمغہ بھی حاصل کر چکی ہیں جبکہ ۲۰۱۴ ایشین گیمز اور ۲۰۱۴ و ۲۰۱۸ کامن ویلتھ گیمز میں بھی پاکستان کی نمائندگی کر چکی ہیں۔

ناہید رانا پلیئر آف دی منتھ قرار

ڈھاکہ، مئی (یو این آئی) بنگلہ دیش کے تیز گیند باز ناہید رانا نے اپریل ۲۰۲۶ کے لیے آئی سی سی مینز پلیئر آف دی منتھ کا اعزاز اپنے نام کر لیا ہے۔ نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز میں ان کی تباہ کن باؤلنگ نے انہیں اس باوقار ایوارڈ کا حقدار بنایا۔ ناہید رانا یہ اعزاز حاصل کرنے والے بنگلہ دیش کے دوسرے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ ان سے قبل گزشتہ سال اپریل (۲۰۲۵) میں اسٹار آل راؤنڈر مہدی حسن میراز نے یہ ایوارڈ جیتا تھا۔ کیوی ٹیم کے خلاف تین میچوں کی ون ڈے سیریز میں ناہید رانا نے مجموعی طور پر ۸ وکٹیں حاصل کیں۔ دوسرے ون ڈے میں ناہید نے اپنے کیریئر کی دوسری پانچ وکٹیں (۳۲/۵) حاصل کیں اور نیوزی لینڈ کی بیٹنگ لائن کو تہس نہس کر دیا۔ چٹاگرام میں کھیلے گئے آخری میچ میں انہوں نے ۲ اہم وکٹیں لے کر بنگلہ دیش کو سیریز میں ۲-۱ سے فتح دلوانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ پوری سیریز میں ان کی وکٹ لینے کی اوسط ۱۶.۷۵ اور اکانومی ریٹ ۴.۳۶ رہا، جس پر انہیں پلیئر آف دی سیریز بھی قرار دیا گیا۔ ایوارڈ جیتنے کے بعد ناہید رانا کا کہنا تھا: نیوزی لینڈ جیسی عالمی معیار کی ٹیم کے خلاف پرفارم کرنے کے بعد آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ بننا ایک بہترین احساس ہے۔ اپنے ہوم گراؤنڈ پر ایسی کارکردگی دکھانا میرے لیے ہمیشہ یادگار رہے گا۔ میں اپنی ٹیم اور ساتھی کھلاڑیوں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھ پر بھروسہ کیا۔ رانا کی یہ فارم محض اتفاق نہیں ہے۔ اس سے قبل مارچ ۲۰۲۶ میں بھی انہوں نے پاکستان کے خلاف تین ون ڈے میچوں میں ۸ وکٹیں حاصل کی تھیں۔ ان کی مسلسل بہتر ہوتی کارکردگی نے انہیں عالمی کرکٹ کے ابھرتے ہوئے ستاروں میں شامل کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ ناہید رانا نے رواں ماہ پاکستان کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کی دوسری اننگز میں تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے ہارتے ہوئے میچ کو بنگلہ دیش کی جیت میں تبدیل کر دیا تھا۔

کرسٹیانو رونالڈو ورلڈ کپ کھیلنے کے لیے پرعزم

لزبن، ۱۳ مئی (یو این آئی) ۴۱ سالہ پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو اس وقت بھی پرتگال ٹیم کے اہم کھلاڑی سمجھے جاتے ہیں اور کوچ روبرٹو مارٹینیز ان پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق کرسٹیانو رونالڈو کے ۲۰۲۶ فیفا ورلڈ کپ میں کھیلنے کے امکانات مضبوط دکھائی دے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ سعودی کلب النصر میں شمولیت کے بعد ناقدین نے کہا تھا کہ کمزور لیگ میں کھیلنے سے رونالڈو کی قومی ٹیم میں جگہ متاثر ہو سکتی ہے تاہم انہوں نے شاندار کارکردگی سے تمام خدشات غلط ثابت کر دیے۔ رونالڈو نے گزشتہ ۳۰ بین الاقوامی میچز میں ۲۵ گول اسکور کیے جبکہ ۲۰۲۵ نیشنز لیگ کے فائنل میں اسپین کے خلاف گول بھی کیا۔ رونالڈو نے سعودی لیگ میں بھی مسلسل بہترین کھیل پیش کیا اور النصر کے لیے لیگ مقابلوں میں ۱۰۰ سے زائد گول مکمل کیے۔ حالیہ ہیمسٹرنگ انجری کے باوجود وہ تیزی سے فٹ ہوئے ہیں اور اب بھی بہترین جسمانی حالت میں موجود ہیں۔ رپورٹس میں یہ امکان بھی ظاہر کیا جا رہا ہے کہ ۲۰۲۶ ورلڈ کپ رونالڈو کے کیریئر کا آخری ورلڈ کپ ہوگا۔ شائقین ایک بار پھر رونالڈو اور لیونل میسی کے ممکنہ تاریخی مقابلے کے منتظر ہیں جو فٹبال دنیا کی سب سے بڑی رقابت سمجھی جاتی ہے۔

فائنل کیلئے آرسنل کیخلاف تیاریاں شروع



پیرس، ۱۴ مئی (یو این آئی) پیرس سینٹ جرمین کے سٹار ونگر خویچا کوارتسخیلیا نے بائرن میونخ کے خلاف سیمی فائنل میں فتح کو سیزن کا مشکل ترین چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی ٹیم نے اب ۳۰ مئی کو بڈاپسٹ میں ہونے والے چیمپئنز لیگ کے فائنل میچ کے لئے آرسنل کے خلاف تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جرمنی میں بائرن میونخ کے خلاف کھیلے گئے سیمی فائنل کے دوسرے مرحلے کے میچ میں عثمان ڈیمبیلے نے تیسرے ہی منٹ میں گول کر کے اپنی ٹیم کو مجموعی طور پر ۵-۶ کی برتری دلانے میں اہم کردار ادا کیا جس کے بعد پی ایس جی نے دفاعی حکمت عملی اپنا کر جرمن ٹیم کے حملوں کو ناکام بنایا۔ بائرن میونخ کے سٹار اسٹرائیکر ہیری کین نے اگرچہ آخری لمحات میں گول کیا لیکن وہ اپنی ٹیم کو فائنل کی دوڑ سے باہر ہونے سے نہ بچا سکے۔

انڈیا اے اسکواڈ کا اعلان، سوریہ ونشی اور پریانش آریہ شامل

ممبئی، ۱۳ مئی (یو این آئی) جون میں سری لنکا میں منعقد ہونے والی سہ فریقی ون ڈے سیریز کے لیے انڈیا اے کے اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ ٹیم کی قیادت تلک ورما کریں گے جبکہ اسٹار آل راؤنڈر ریان پراگ کو ٹیم کا نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ اس دورے کے لیے انڈر-۱۹ ورلڈ کپ ۲۰۲۶ کے ہیرو ویبھو سوریہ ونشی کو پہلی بار انڈیا اے کی جانب سے بلاوا بھیجا گیا ہے۔ سوریہ ونشی نے ورلڈ کپ کے فائنل میں محض ۸۰ گیندوں پر ۱۷۵ رنز کی برق رفتار اننگز کھیل کر سب کو حیران کر دیا تھا۔ ان کے علاوہ آئی پی ایل میں اپنی شناخت بنانے والے پریانش آریہ کو بھی اسکواڈ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ پربھسمرن سنگھ اور کمار کشاگرہ وکٹ کیپر کے طور پر ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ نتش ٹھاکر، یدھ ویر سنگھ، انشل کمبوج اور ارشد خان پیس اٹیک کی قیادت کریں گے۔ ہرش دوبے اور وپراج نگم کو اسپن کے شعبے میں شامل کیا گیا ہے۔ سوریانش شیڈگے اور نشانت سندھو ٹیم کو توازن فراہم کریں گے۔ اس سہ فریقی سیریز میں انڈیا اے، سری لنکا اے اور افغانستان اے کی ٹیمیں مد مقابل ہوں گی۔ آغاز ۹ جون (انڈیا اے، بمقابلہ سری لنکا اے) اور فائنل ۲۱ جون کو کھیلا جائے گا۔ وائٹ بال سیریز دامبولا میں کھیلی جائے گی۔

کوہلی کی آئی پی ایل میں نویں سنچری، تیز ترین 14,000 رن مکمل

نئی دہلی، ۱۴ مئی (و س)۔ رائل چیلنجرز بنگلورو (آر سی بی) کے اسٹار بلے باز ویراٹ کوہلی نے بدھ کو رائے پور میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز (کے کے آر) کے خلاف شاندار سنچری بنا کر تاریخ رقم کر دی۔ کوہلی نے آئی پی ایل کیریئر کی نویں سنچری بنانے کے ساتھ ساتھ ٹی ۲۰ کرکٹ میں تیز ترین ۱۴,۰۰۰ رن مکمل کرنے کا ریکارڈ بھی اپنے نام کر لیا۔ مسلسل دو میچوں میں صفر پر آؤٹ ہونے کے بعد دباؤ میں نظر آنے والے ۳۷ سالہ کوہلی نے کے کے آر کے خلاف شروع سے ہی جارحانہ انداز اپنایا۔ انہوں نے ۶۰ گیندوں میں ناٹ آؤٹ ۱۰۵ رن بنائے، جس میں ۱۱ چوکے اور تین چھکے شامل رہے۔ کوہلی کی اس دھماکہ خیز اننگز کی بدولت آر سی بی نے ۱۹۲ رنوں کے ہدف کا کامیاب تعاقب کیا اور مقابلے میں ۶ وکٹوں سے شاندار جیت درج کی۔ یہ کے کے آر کے خلاف کوہلی کی دوسری آئی پی ایل سنچری رہی، جبکہ ۲۰۲۴ کے بعد یہ ان کی پہلی آئی پی ایل سنچری ہے۔ اس سنچری اننگز کے ساتھ ویراٹ کوہلی آئی پی ایل ۲۰۲۶ کی اورنج کیپ کی دوڑ میں بھی ٹاپ-۵ میں پہنچ گئے ہیں۔ موجودہ سیزن میں ان کے نام اب ۵۳.۷۷ کی اوسط سے ۳۸۴ رن ہو گئے ہیں۔ ٹی ۲۰ کرکٹ میں ۱۴,۰۰۰ رن مکمل کرنے والے کوہلی دنیا کے چھٹے بلے باز بن گئے ہیں۔ ان سے پہلے ایلکس ہیلز، کیرون پولارڈ، ڈیوڈ وارنر، جوس بٹلر اور کرس گیل یہ اعزاز حاصل کر چکے ہیں۔ مسلسل دو میچوں میں صفر پر آؤٹ ہونے کے بعد دباؤ کا شکار نظر آنے والے ۳۷ سالہ کوہلی نے ابتدا ہی سے جارحانہ انداز اپنایا اور میدان کے چاروں جانب دلکش شاٹس کھیلے۔ انہوں نے ۶۰ گیندوں پر ناقابل شکست ۱۰۵ رنز بنائے جس میں ۱۱ چوکے اور تین بلند و بالا چھکے شامل تھے۔ کوہلی کی دھماکہ خیز اننگز کی بدولت آر سی بی نے ۱۹۲ رنز کا ہدف ۶ وکٹوں کے نقصان پر کامیابی سے حاصل کر لیا اور اہم فتح اپنے نام کی۔ یہ کے کے آر کے خلاف کوہلی کی دوسری آئی پی ایل سنچری رہی جبکہ ۲۰۲۴ کے بعد یہ ان کی پہلی آئی پی ایل سنچری بھی ہے۔ اس یادگار اننگز کے بعد کوہلی Indian Premier League ۲۰۲۶ کی اورنج کیپ کی دوڑ میں بھی ٹاپ پانچ بلے بازوں میں شامل ہو گئے ہیں۔ رواں سیزن میں وہ اب تک ۵۳.۷۷ کی اوسط سے ۳۸۴ رنز بنا چکے ہیں۔ ٹی ۲۰ کرکٹ میں ۱۴ ہزار رنز مکمل کرنے کے ساتھ کوہلی دنیا کے چھٹے بلے باز بن گئے ہیں۔ ان سے قبل Alex Hales، Kieron Pollard، David Warner، Jos Buttler اور Chris Gayle یہ اعزاز حاصل کر چکے ہیں۔

میسی نے ایم ایل ایس میں میامی کو جیت دلائی

واشنگٹن، ۱۳ مئی (یو این آئی) لیونل میسی کے دو گول کی بدولت انٹر میامی نے دو گول سے پیچھے رہنے کے بعد واپسی کرتے ہوئے ایم ایل ایس میچ میں سنسناٹی ایف سی کو ۵-۳ سے شکست دے دی۔ میسی نے ۳۳ویں منٹ میں گول کر کے مہمان ٹیم کو برتری دلائی، لیکن ہاف ٹائم کے بعد کیون ڈینکی اور پاول بوچا کے گولز نے بدلے کو سنسناٹی کو برتری دلا دی۔ آٹھ بار کے بیلن ڈی اور جیتنے والے میسی نے روڈریگو ڈی پال کے کراس پر ایک پر سکون فنش کے ساتھ گھنٹے بھر پہلے برابری کر لی۔ میزبان ٹیم نے برازیلین مڈفیلڈر ایوانڈر کے ذریعے برتری حاصل کی، جنہوں نے ایریا کے باہر جگہ بنا کر ٹاپ لیفٹ کارنر میں ایک طویل فاصلے کا شاٹ مارا۔ تاہم میامی ۹۰ویں منٹ میں ایک بار پھر برابری پر آگئی جب سبسٹیٹیوٹ ماتیو سیلویتی باکس میں آئے اور دور کارنر میں ایک شاٹ مارا، جس سے میسی کے ساتھ شروع ہوا موو ختم ہو گیا۔ اس نتیجے کے بعد انٹر میامی ۱۳ میچوں میں ۲۵ پوائنٹس کے ساتھ ایسٹرن کانفرنس میں دوسرے نمبر پر ہے، جو لیڈر نیشویلے سے دو پوائنٹس پیچھے ہے، جبکہ سنسناٹی نو پوائنٹس پیچھے ہے۔ میسی نے ۳۳ویں منٹ میں گول کر کے مہمان ٹیم کو برتری دلائی، تاہم ہاف ٹائم کے بعد کیون ڈینکی اور پاول بوچا کے گولوں نے سنسناٹی کو سبقت دلا دی۔ آٹھ بار کے بیلن ڈی اور ایوارڈ یافتہ میسی نے بعد ازاں روڈریگو ڈی پال کے کراس پر شاندار فنش کے ذریعے مقابلہ برابر کر دیا۔ میزبان ٹیم نے برازیلین مڈفیلڈر ایوانڈر کے طویل فاصلے کے شاندار شاٹ کی مدد سے دوبارہ برتری حاصل کی، لیکن میامی نے ہمت نہ ہاری اور ۹۰ویں منٹ میں سبسٹیٹیوٹ ماتیو سیلویتی نے گول کر کے اسکور ایک بار پھر برابر کر دیا۔ اس گول کی شروعات بھی میسی کی خوبصورت موو سے ہوئی۔ اس کامیابی کے بعد انٹر میامی ۱۳ میچوں میں ۲۵ پوائنٹس کے ساتھ ایسٹرن کانفرنس میں دوسرے نمبر پر پہنچ گئی ہے۔ ٹیم کو لیڈر نیشویلے سے صرف دو پوائنٹس کا فرق در پیش ہے جبکہ سنسناٹی نو پوائنٹس پیچھے رہ گئی ہے۔

ٹکٹس کی فروخت کا نیا ریکارڈ قائم

برمنگھم، ۱۳ مئی (یو این آئی) ایونٹ کے آغاز میں اگرچہ ابھی ۳۰ یوم باقی ہیں لیکن یہ ریکارڈ ٹکٹس کی فروخت کا ایونٹ بن چکا ہے ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں شائقین نے بھرپور دلچسپی ظاہر کرتے ہوئے ٹکٹس کی ریکارڈ خریداری کر لی۔ آئی سی سی جلد ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ۲۰۲۶ کے ڈیڑھ لاکھ ٹکٹ کی فروخت کا سنگ میل عبور کر لے گی، یہ کسی بھی سابقہ ایونٹ میں افتتاحی میچ سے قبل زیادہ کا ریکارڈ ہے۔ افتتاحی میچ میزبان انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان برمنگھم میں ہوگا۔ ایونٹ کے آغاز میں اگرچہ ابھی ۳۰ یوم باقی ہیں لیکن یہ ریکارڈ ٹکٹس کی فروخت کا ایونٹ بن چکا ہے۔ جس رفتار سے ٹکٹوں کی فروخت جاری ہے حکام کو یقین ہے کہ جلد ڈیڑھ لاکھ کا سنگ میل بھی عبور ہو جائے گا۔

خالد جمیل نے ہندوستانی ٹیم کا اعلان کر دیا

نئی دہلی، ۱۴ مئی (یو این آئی) ہندوستانی مردوں کی سینئر نیشنل فٹ بال ٹیم کے ہیڈ کوچ خالد جمیل نے جمعرات کو یونٹی کپ ۲۰۲۶' کے لیے ۲۸ رکنی ابتدائی اسکواڈ کا اعلان کیا ہے۔ انڈین سپر لیگ ۲۰۲۵-۲۶ کے اختتام کے بعد بلیو ٹائیگرز' بنگلور میں ایک مختصر تربیتی کیمپ کے لیے جمع ہوں گے۔ اس کیمپ کے دوران کھلاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے بعد حتمی ۲۳ رکنی ٹیم کا انتخاب کیا جائے گا، جو ۲۲ مئی کو لندن روانہ ہوگی۔ کوچ خالد جمیل کا کہنا ہے یونٹی کپ ہمارے لیے اس سال کے آخر میں ہونے والی سیف چیمپئن شپ جیسے سرکاری ٹورنامنٹس کی تیاری کا بہترین موقع ہے۔ ہمیں فیفا کے ہر انٹرنیشنل ونڈو کا بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے۔ "ہندوستان (فیفا رینکنگ ۱۳۱) کا مقابلہ ۲۷ مئی کو دوسرے سیمی فائنل میں جمیکا (رینکنگ ۷۱) سے ہوگا۔ پہلا سیمی فائنل نائیجیریا (رینکنگ ۳۶) بمقابلہ زمبابوے (رینکنگ ۱۳۰) سے ہے۔ سیمی فائنل ہارنے والی ٹیمیں ۳۰ مئی کو تیسری پوزیشن کے لیے کھیلیں گی۔ خالد جمیل کے مطابق مضبوط ٹیموں کے خلاف کھیلنے سے کھلاڑیوں کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور انہیں بین الاقوامی معیار کے مطابق فٹ بال کھیلنے میں مدد ملے گی۔ ہندوستان کا ۲۸ رکنی ابتدائی اسکواڈ گول کیپرز: گورپریت سنگھ سندھو، وشال کیتھ، رتک تیواری، الینو گومز۔ ڈیفنڈرز: راہل بھیکے، کھمل پچاری، روشن سنگھ ناؤریم، ابھیشیک سنگھ ٹیکچام، انور علی، سندیش جھنگن، آکاش مشرا، بیجوئے ورگیس، پرم ویر۔ مڈ فیلڈرز: آشیش کورونیان، لالینگ ماویا رالٹے (اپویا)، سہل عبد الصمد، انیرودھ تھاپا، جیکسن سنگھ، نوفل پی این، رکی شابونگ۔ فارورڈز: ریان ولیمز، منویر سنگھ، لسٹن کولاکو، سہیل احمد بھٹ، ایڈمنڈ لالرندیکا، لالیانزوالا چھانگٹے، رحیم علی اور فاروق چوہدری۔

STATE TAXES DEPARTMENT
JAMMU AND KASHMIR
GST SEVA KENDRA

PROTECT YOUR IDENTITY.
PREVENT TAX FRAUD.

Illegal use of your PAN or Aadhaar details for fake companies and bogus invoices can lead to huge tax demands and legal trouble – even when you are not involved.

Be alert. Be secure. Be responsible.

PAN ABCDE1234F
AADHAAR XXXX XXXX XXXX

DO NOT SHARE YOUR OTP for AADHAAR or PAN with anyone.
Never share OTPs, PINs, or passwords with unauthorized persons.
Do not respond to suspicious calls, SMS, emails or links asking for OTP or personal details.

WHAT IS THE THREAT?
Fraudsters illegally obtain personal details like PAN and Aadhaar through phishing, data breaches or other unlawful means to register fake GSTINs and issue bogus invoices. This wrongful availment /passing on of Input Tax Credits is a serious offence and may lead to notices, penalties or prosecution in your name.

Grievance Cell Jammu
0191-2477303
Report any suspicious activity or seek assistance through our Grievance Cell.

WHAT CAN YOU DO?
1. SECURE YOUR DOCUMENTS
Never share OTPs linked to your PAN or Aadhaar with anyone. Keep your PAN, Aadhaar and other personal details safe and share them only when absolutely necessary.
2. CHECK FOR MISUSE
Use the 'Search Taxpayer' function on the GST portal (www.gst.gov.in) to check if your PAN has been used to register any unknown GSTIN.
3. REPORT IMMEDIATELY
If you find any misuse, file a complaint on the GST portal under 'Grievance Redressal' and inform the Jurisdictional GST Officer (State Taxes Department).
Grievance Cell Number: 0191-2477303
4. FILE AN FIR
Lodge an FIR for identity theft and forgery at the nearest police station or Cyber Cell. Keep a copy for records.

DIPK-1311/26 Dated: 14-06-2026

BE ALERT. BE SECURE. BE SAFE.
Together, let us build a transparent and honest tax system in Jammu & Kashmir.
For more information, visit www.gst.gov.in
State Taxes Department J&K | @JK_GST_JK | jkcomtax.gov.in

سندھو، لکشیہ اور ساتوک-چراغ کی جوڑی کوارٹر فائنل میں داخل

بینکوان (تھائی لینڈ)، ۱۴ مئی (یو این آئی) تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں ہندوستان کی مہم کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ جمعرات کو کھیلے گئے مقابلوں میں ہندوستان کی تین اہم انٹریز — پی وی سندھو، لکشیہ سین اور ساتوک سائی راج رنکی ریڈی و چراغ شیٹی کی جوڑی نے اپنے اپنے میچ جیت کر کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ ٹورنامنٹ کی ٹاپ سیڈ ہندوستانی جوڑی ساتوک اور چراغ نے ملائیشیا کے برائن جیریلی اور ہائیکل محمد کو سٹریٹ گیمز میں ۲۱-۱۲، ۲۱-۱۹ سے شکست دی۔ ۴۳ منٹ تک جاری رہنے والے اس میچ میں بھارتی جوڑی نے مکمل غلبہ حاصل کیا۔ اب کوارٹر فائنل میں ان کا مقابلہ جاپان کی چھٹی سیڈ جوڑی تاکوی ٹومورا اور یوچی شیموگامی سے ہوگا۔ خواتین کے سنگلز میں چھٹی سیڈ پی وی سندھو نے ڈنمارک کی امالی شولز کو محض ۲۸ منٹ میں ۲۱-۱۳، ۲۱-۱۵ سے ہرا دیا۔ سندھو نے دونوں گیمز میں مسلسل سات سات پوائنٹس حاصل کر کے اپنی حریف کو واپسی کا کوئی موقع نہیں دیا۔ اگلے مرحلے میں سندھو کا بڑا مقابلہ جاپان کی ورلڈ نمبر ۳ اکانے یاماگوچی سے ہوگا، جن کے خلاف سندھو کو اب تک ۱۵-۱۲ کی برتری حاصل ہے۔ مردوں کے سنگلز میں ساتویں سیڈ لکشیہ سین نے چین کے ژو شوان چین کو ۲۱-۱۲، ۲۱-۱۳ سے آسانی سے زیر کیا۔ لکشیا کا اگلا مقابلہ کوارٹر فائنل میں دوسری سیڈ مقامی کھلاڑی کنلاوت ویٹڈ سارن سے ہوگا، جو لکشیا کے لیے ایک کڑا چیلنج ثابت ہو سکتا ہے۔ جہاں بڑے کھلاڑیوں نے فتوحات سمیٹیں، وہیں ہندوستان کے لیے کچھ مایوس کن خبریں بھی رہیں۔ کدامبی سری کانت اور دیویکا سیہاگ ٹورنامنٹ سے باہر ہو گئے ہیں۔ دوسری جانب، مالویکا بنسوڑ آج اپنا راؤنڈ آف ۱۶ کا میچ چین کی ہان یوئی کے خلاف کھیلیں گی۔

اننت ناگ میں ضلعی والی بال ٹورنامنٹ کا آغاز

اننت ناگ، ۱۴ مئی: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس اننت ناگ نے ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس جموں و کشمیر کی ہدایت پر جاری "نشہ مکت بھارت ابھیان" کے تحت ایم ایس بونڈیالگام میں انٹر زونل / ضلعی سطح کے انڈر ۱۴ اور انڈر ۱۷ گرلز والی بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا۔ ٹورنامنٹ میں ضلع کے ۱۲ زونز کی مجموعی طور پر ۲۴ ٹیموں نے شرکت کی جبکہ قریب ۲۸۸ طالبات نے پرجوش انداز میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ مقابلوں کے دوران نوجوان کھلاڑیوں میں شاندار ٹیلنٹ، نظم و ضبط، کھیل جذبہ اور مسابقتی روح دیکھنے کو ملی۔ ٹورنامنٹ کا افتتاح جسف امین (جے کے اے ایس) نے کیا، جنہوں نے حال ہی میں ضلعی افسر کا اضافی چارج سنبھالا ہے۔ عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ ان کی پہلی سرکاری ضلعی سطح کی اسپورٹس سرگرمی تھی جس میں انہوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جسف امین نے نوجوانوں کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے دور رکھنے میں کھیلوں کے اہم کردار پر زور دیا۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنے گھروں اور معاشرے میں منشیات سے پاک سماج کے قیام کیلئے بیداری پیدا کریں۔

ریٹائرڈ کھلاڑیوں کے لیے ڈیونس لیگ ٹی20-دکا اعلان

دبئی، ۱۳ مئی (یو این آئی) سعودی عرب نے بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائر ہونے والے کھلاڑیوں کے لیے اپنی پہلی فرنچائز لیگ شروع کرنے کا باضابطہ فیصلہ کر لیا ہے۔ سعودی عرب کرکٹ فیڈریشن نے رواں سال اکتوبر میں شروع ہونے والی اس ڈیونس لیگ ٹی-۲۰-د کی منظوری دے دی ہے۔ چھ ٹیموں پر مشتمل یہ لیگ جدہ کے قریب طائف میں کھیلی جائے گی۔ اس لیگ میں ایسے کھلاڑیوں کو شامل کیا جائے گا جنہوں نے حال ہی میں انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لی ہے لیکن وہ دنیا بھر کی دیگر فرنچائز لیگز میں تاحال سرگرم ہیں۔ رپورٹ کے مطابق، لیگ میں کھلاڑیوں کا زیادہ سے زیادہ معاوضہ ایک لاکھ ڈالرز تک ہو سکتا ہے۔ اس لیگ کو 'اسپورٹس ایشین نیٹ ورک' اور دو نامور ٹیلنٹ ایجنسیوں (یونیک اسپورٹس گروپ اور پرولیفک) کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے۔ ہندوستان کے سابق اسٹار کرکٹر یوراج سنگھ اس لیگ کے سفیر کے طور پر کام کریں گے۔ لیگ کے ضوابط کو آئی سی سی کی منظوری کی شرائط کے مطابق رکھا گیا ہے۔ ہر ٹیم میں زیادہ سے زیادہ چار ایسے کھلاڑی شامل ہو سکیں گے جنہوں نے گزشتہ دو سالوں میں فل ممبر انٹرنیشنل کرکٹ کھیلی ہو، تاکہ آئی سی سی کے قوانین کی خلاف ورزی نہ ہو۔ سعودی عرب کرکٹ فیڈریشن کا کہنا ہے کہ اس لیگ کا مقصد سعودی عرب کو "عالمی کرکٹ کے نقشے پر لانا" اور مقامی ٹیلنٹ کو عالمی معیار کے کھلاڑیوں کے ساتھ کھیلنے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ گزشتہ چند سالوں سے یہ قیاس آرائیاں کی جا رہی تھیں کہ سعودی عرب، آئی پی ایل کے مقابلے میں ایک بڑی لیگ شروع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ 'ڈیونس لیگ د' کا آغاز اس سمت میں پہلا بڑا قدم سمجھا جا رہا ہے، جو فٹ بال کے بعد اب کرکٹ میں بھی سعودی عرب کی بڑھتی ہوئی سرمایہ کاری اور دلچسپی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں
مکمل پتہ: ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001
email: saahil.srinagartimes@gmail.com
0194-2456781 مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781